بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
ساعات کی حقانیت
مصنف
ڈاکٹر فرقان سرمد

ساعات کی حقانیت

مصنف: ڈاکٹر فرقان سرمد

مکتبہ احیاء العلوم
معرفت پوسٹ بکس نمبر 8178 کراچی 75950 پاکستان

نام کتاب: ساعات کی حقانیت

نام مصنف: ڈاکٹر فرقان سرمد

اشاعت اول: مئی 1997ء

تعداد: 1000

ھدیہ: 150 روپے صرف

طابع: احمد برادرز۔ ناظم آباد کراچی

سرورق: Pono Printers کراچی

کمپوزنگ: شگفتہ کمپوزنگ و گرافک سینٹر کراچی

ناشر: مکتبہ احیاء العلوم ۔ معرفت پوسٹ بکس نمبر 8178 کراچی 75950 پاکستان

ملنے کا پتہ: شاپ نمبر 10 ھنی پیلس 3 ۔ SB بلاک C ۔ 13 مین یونیورسٹی روڈ۔ گلشن اقبال کراچی 75300

O اللہ کی تسبیح کرتے ہیں۔ آسمانوں اور زمین کے رہنے والے۔ وہی ملک القدوس اور عزیز الحکیم ہے۔ (جمعہ -1)

O اس نے انہی میں سے ایک رسول امین پیدا کیا جو ان کو اللہ کی آیات سناتا ہے اور پاک کرتا ہے۔ اور کتاب وحکمت کی باتیں سکھاتا ہے۔ اس سے پہلے یہ لوگ صریح گمراہی میں پڑے تھے۔ (جمعہ -2)

اما بعد ، کتاب ساعات کی حقانیت دراصل علم الساعات پر ایک مبسوط کوشش ہے۔ برسوں سے اس موضوع پر لکھنے کا ارادہ تھا مگر مصروفیات کی وجہ سے ممکن نہ ہورہا تھا۔ پھر رسالہ اوج روحانی میں علم الساعات کے عنوان سے مضامین کا سلسلہ شروع کیا جو رسالے میں ہی مکمل ہوچکا ہے۔ ان مضامین کے اشاعت کے دوران ہی قارئین کا مطالبہ تھا کہ اسے کتابی صورت دی جائے مگر مالی مشکلات کی وجہ سے ایسا کرنا فوری طور پر ممکن نہ تھا۔ اب جب بعض احباب نے مالی تعاون کی یقین دہانی کرائی تو اس کتاب پر کام مکمل کرکے کتابی صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔

اس کتاب میں جہاں وقت دیکھ کر کاموں کے ہونے یا نہ ہونے کا اندازہ ہوتا ہے۔ وہیں عام لوگوں کے مختلف النوع مسائل اور امراض روحانی وجسمانی کی تفصیل مع علاج قرآنی نقوش و اذکار کی شکل میں درج ہے۔ اسکے علاوہ پہلی مرتبہ ہم نے سبعہ کواکب سے قرآنی سورتوں اور اسماء الحسنیٰ کو بھی ترتیب دے کر پیش کیا ہے۔ تاریخ انسانیت میں گزشتہ 14 سو سال میں یہ کام کسی نے بھی نہیں کیا تھا۔ انشاء اللہ آئندہ لوگ اسے ہی حوالہ بنا کر پیش کریں گے۔ سبعہ کواکب سے قرآنی

سورتوں اور اسماء الحسنیٰ کو کس طرح ترتیب دیا گیا یہ بھی ایک راز ہے جو اللہ نے اپنے اس حقیر بندے پر منکشف کر دیا ہے۔ اسکی تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔ بس یوں سمجھ لیجئے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ اسے آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم سب کو اس کتاب سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔

میں ذاتی طور پر ان تمام احباب کا مشکور ہوں جنہوں نے اس کتاب کی اشاعت میں میرے ساتھ تعاون کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کو قبولیت عام فرمائے اور اسے انسانوں کے لئے مفید بنائے تاکہ وہ اسکے مطالعے سے اپنی زندگیوں کو سنوار لیں۔ وما توفیقی الا باللہ

ڈاکٹر فرقان سرمد

یکم اپریل ۱۹۹۷ء

۲۲ ذیقعد ۱۴۱۷ھ

تمہید

آج پھر سے علم نجوم اور علم الاعداد کے دلکش موضوعات میں دلچسپی بڑھ رہی ہے۔ تمام روز نامے، ہفت روزے اور ماہناموں میں علم نجوم سے پیشگوئی کے کالم ضرور ہوتے ہیں۔

ایک شخص جو علم نجوم سے متعلق کتنے ہی شک رکھتا ہو وہ بھی اپنی ذمہ داریوں کے نتائج جاننا چاہتا ہے۔ اسکے ذہن میں ہمیشہ شکوک کے سائے رہتے ہیں۔ اور وہ یہ سوچتا ہے کہ کیا علم نجوم اسکی پریشانیوں کو دور کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ اگرچہ یہ سائنس اپنے آغاز سے ہی شکوک کا شکار ہے۔ لیکن اس نے شکوک کو بھی مثبت رخ دیا ہے۔ اور اب علم نجوم کے موثر آلے کے ذریعے بغیر کسی پیشگی تیاری کے ہم ایک منٹ کے نوٹس پر صورتحال کو جان سکتے ہیں۔

اس مضمون کے ساتھ ہم ایک جدید کوکبی وقت پیما بھی شائع کر رہے ہیں بے شمار حالتوں cases میں اسکی درستگی کو ہم نے جانچا ہے۔ جو لوگ علم نجوم کے اشاروں کو اپنی ذمہ داریوں اور اہم کاموں سے متعلق دیکھنا چاہتے ہیں یہ انکے لیے بہت مفید ہے۔

ڈاکٹر فرقان سرمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وقت اور قرآن

قارئین کی دلچسپی اور معلومات کے لئے وقت کے بارے میں معلومات قرآن حکیم کی روشنی میں بلا تبصرہ درج کر رہا ہوں۔

1۔ جب تمام رسولوں کا وقت مقرر کر دیا جائے گا (کہ ان میں سے کس کو کب اور کیا کام کرنا ہے) O یہ انقلاب کس وقت کے لئے ملتوی کیا گیا ہے O اس وقت تک کے لئے جب ہر معاملہ کا فیصلہ ہوجائے گا۔ یہ یوم الفصل ہوگا۔ (مرسلات 11-13)

2۔ اللہ نے کہا کہ ہاں! تجھے اس وقت کے لئے مہلت دی جاتی ہے۔ یعنی ایک وقت معلوم تک کے لئے۔ (حجر-38)

3۔ اللہ نے کہا کہ ہاں! تجھے مہلت دی جاتی ہے۔ اس دن تک جسکا وقت معلوم ہے۔ (ص-81-80)

4۔ ان سے کہو کہ اسکا علم تو اللہ کو ہے۔ اسکے مقرر کئے ہوئے وقت کو بتانے والا اسکے سوا کوئی نہیں۔ (اعراف-187)

5۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور ملک کے بڑے جادوگر تاریخ اور وقت مقررہ پر جمع ہو گئے۔ (شعراء-38)

6۔ اور ایک مقررہ دن کے متعینہ وقت پر سب جمع ہوں گے۔ (واقعہ-50)

7۔ بے شک فیصلے کا دن اور وقت مقرر ہے۔ (نبا-17)

8۔ اور جب موسیٰ ہمارے مقرر کردہ وقت پر پہنچے اور اپنے رب سے ہم کلام ہوئے اور بولے اے رب میں تجھے دیکھنا چاہتا ہوں۔ (اعراف-143)

9۔ اور موسیٰ نے اپنی قوم میں سے ستر (70) آدمی ہمارے مقرر کردہ وقت کے لیے چنے۔ (اعراف-155)

10۔ انسان کا ہر عمل اپنا نتیجہ مرتب کر کے رہتا ہے اور ان نتائج کے ظہور کا وقت معین ہے۔ (دخان-40)

11۔ تم سے نئے چاند (ہلال) کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ کہو یہ وقت ناپنے کا پیمانہ ہے اور حج کا وقت بھی بتاتا ہے۔ (بقرہ-189)

12۔ مومنین کے لئے اجتماعی صلوٰۃ وقت مقررہ پر ادا کرنا لازم ہے۔ (نساء-103)

ڈاکٹر فرقان سرمد

۲۹ مارچ ۱۹۹۷ء

❋

علم الساعت اور قرآن

قرآن حکیم میں لفظ ساعت اڑتالیس (48) مقامات پر بیان ہوا ہے۔ میں ذیل میں ان آیات کا جن میں کہ لفظ ساعت استعمال ہوا ہے صرف تذکرہ کئے دیتا ہوں۔ تاکہ میرے قارئین ان پر خود ہی تفکر کریں۔ یہ کام بھی الحمدللہ پہلی مرتبہ یہ خاکسار پیش کررہا ہے امید ہے کہ قارئین اس سے استفادہ کریں گے۔

O جو لوگ اللہ کے قانون مکافات سے انکار کرتے ہیں وہ خود اپنا ہی نقصان کرتے ہیں۔ جب وہ تباہ کن ساعت اچانک آجائے گی۔ کہیں گے افسوس ہم سے بڑی تقصیر ہوئی۔ (انعام - 31)

O ان سے کہو کہ اگر تم اپنے اس دعوے میں سچے ہو کہ اللہ کے علاوہ اور قوتیں بھی اختیار و اقتدار رکھتی ہے تو جس وقت کوئی ساعت آتی ہے تو تم ان قوتوں کو اپنی مدد کے لئے کیوں نہیں پکارتے ؟ بتاؤ اگر سچے ہو۔ (انعام - 40)

O اور ہر امت کا وقت عروج و زوال معین ہے۔ تو جب وہ ساعت آجاتی ہے تو گھڑی بھر کی تاخیر نہیں ہوتی۔ (اعراف - 34)

O پوچھتے ہیں ساعت کب آرہی ہے۔ ان سے کہو اسکا علم تو اللہ کو ہے۔ (اعراف - 187)

O یہ حقیقت ہے کہ اللہ نے اپنے نبی کو اپنی رحمت سے نوازا ۔ اور مہاجرین و انصار کی اس جماعت کو بھی جس نے ساعت عسرت میں اسکے پیچھے قدم اٹھایا۔ (توبہ - 117)

O جس وقت اللہ انہیں اکٹھا کرے گا تو اس وقت انہیں احساس ہوگا کہ یہ تمام مدت جس میں وہ اپنی دولت اور قوت کے نشے میں بدمست رہے اتنی سے تھی جیسے دن میں ایک ساعت ۔ (یونس - 45)

O جب وہ ساعت آجاتی ہے تو پھر وہ نہ ایک ثانیہ پیچھے رہ سکتی ہے نہ آگے بڑھ سکتی ہے۔ (یونس - 49)

O یا وہ آنے والی ساعت اچانک اس طرح آجائے کہ انہیں اسکے آنے کا احساس تک بھی نہ ہو۔ (یوسف - 107)

O اور بے شک ساعت بھی ہماری ایک نشانی ہے۔ یہ باتیں اچھی طرح صفحوں میں لکھ لو ۔ (حجر - 85)

O اللہ کا قانون مکافات لوگوں کی زیادتی پر فوراً گرفت کرلیا کرتا تو صفحہ ارض پر کوئی چلنے والا انسان نظر نہ آتا۔ لیکن وہ ایسا نہیں کرتا۔ لیکن اس نے حساب کو ایک معینہ وقت تک ملتوی کردیا ہے۔ جب وہ ساعت آجائے گی تو گھڑی بھر دیر سویر نہ ہوگی (نحل - 61)

O اللہ ہی آسمانوں اور زمین کے بھید جانتا ہے۔ اور ساعت کا حکم پلک جھپکتے آجائے گا اور وہ قریب ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (نحل - 77)

O اللہ کا دعدہ سچا ہے۔ اور ساعت کے آنے میں بھی کوئی شک نہیں۔ (کہف - 21)

O میں نہیں سمجھتا کہ وہ ساعت کبھی آئے گی۔ (کہف - 36)

O حتیٰ کے وہ اس ساعت کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتے ہیں جسکی بابت ان سے کہا جاتا تھا۔ (مریم - 75)

O بلاشبہ ساعت آنے والی ہے۔ مگر وہ مخفی رکھی جائے گی تاکہ ہر نفس کو اسکے اعمال کا بدلہ ملے۔ (طٰہٰ - 15)

O یعنی ان لوگوں کے لئے جو قانون الہیٰ کے ان دیکھے نتائج سے ڈرتے تھے اور اس طرح آنے والی ساعت کے تصور سے لرزتے تھے۔ (انبیاء - 49)

O اے نوع انسان! اپنے رب کے قوانین کی نگہداشت کرو۔ بے شک ساعت زلزلہ ایک عظیم شے ہے۔ (حج - 1)

O اور ساعت بھی ہماری ایک نشانی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ (حج - 7)

○ کافر اسکے متعلق ہمیشہ شک وشبہ میں رہیں گے یہاں تک کہ اچانک وہ ساعت آجائے گی یا ان پر عذاب عقیم نازل ہوجائے۔ (حج - 55)

○ اور یہ لوگ اس آنے والی ساعت کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ یونہی دھمکیاں ہیں۔ (فرقان - 11)

○ اور ہم نے جھٹلانے والوں کے لئے ساعت سعیرہ کا وعدہ کر رکھا ہے۔ (فرقان - 11)

○ جب ساعت آئے گی مجرمین بوکھلا جائیں گے۔ (روم - 12)

○ اس ساعت کے وقت سب اپنی اپنی فکر میں غلطاں و پیچاں ہوں گے ہر ایک کو نفسا نفسی پڑی ہوگی۔ (روم - 14)

○ اور جس دن ساعت آئے گی مجرمین قسمیں کھائیں گے۔
(روم - 55)

○ وہ دنیا میں ایک ساعت سے زیادہ نہیں رہے۔ (روم - 55)

○ بے شک ساعت کا علم اللہ کو ہے۔ (لقمان - 34)

○ انسان پوچھتے ہیں کہ وہ ساعت کب آئیگی۔ کہدو اسکا علم اللہ کو ہے۔
(احزاب - 63)

○ اے پوچھنے والو تم کیا جانو وہ ساعت قریب ہی آگئی ہو۔
(احزاب - 63)

○ کافر کہتے ہیں ہم پر ساعت نہ آئے گی۔ کہو کیوں نہ آئے گی؟
(سبا - 3)

○ کہو تمہارا جو دن مقرر کردیا گیا ہے۔ اسکے آنے میں ایک ساعت کی دیر ہوگی نہ سویر۔ (سبا - 30)

○ پھر وہ صبح و شام آگ میں لوٹائے جائیں گے۔ یعنی جب ساعت آئے گی۔ (مومن - 46)

○ اور ساعت تو آنے والی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں (مومن - 59)

○ یہ ساعت کب آئے گی۔ حم السجدہ - 47)

○ اور نقصان کے بعد ہم اسے پھر فراوانی رزق عطا کردیتے ہیں۔ تو وہ کہنے لگ جاتا ہے کہ یہ سب کچھ میری تدبیر اور علم و ہنر کا نتیجہ ہے۔ اسلئے اس پر میرے اکیلے کا حق ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس قسم کی ساعت کبھی آئے گی۔ اور اگر بفرض محال ایسا ہو بھی اور مجھے اللہ کے سامنے جانا پڑا تو وہاں بھی میرے لئے عیش ہی ہوگا۔ ایسے ناشکروں کے اعمال ہم ضرور جانچیں گے اور ان کو سخت عذاب دیں گے۔ (حم السجدہ - 50)

○ اور تم کیا جانو شاید حساب کی ساعت قریب ہی آگئی ہو۔ (شوریٰ - 17)

○ اور جان لو کے جو لوگ تم سے ساعت کے بارے میں جھگڑتے ہیں وہ بے حد گمراہ ہیں۔ (شوریٰ - 18)

○ بلاشبہ حضرت عیسیٰ بھی ساعت کا علم رکھتے تھے۔ پس تم اس بحث میں نہ پڑو اور میری اتباع کرو یہی صراط مستقیم ہے۔ (زخرف - 61)

○ شاید وہ انتظار میں ہیں کہ اچانک ساعت آجائے اور ان کو خبر نہ ہو۔ (زخرف - 66)

○ وہ عظیم ساعت آجائے اور ان کو خبر نہ ہو۔ (زخرف - 66)

○ وہ عظیم ساعت کب آئے گی اس کا علم اللہ ہی کو ہے۔ (زخرف - 85)

○ جب وہ عظیم ساعت آئے گی تو یہ لوگ جو باطل کی روش پر چل رہے ہیں۔ سخت نقصان اٹھائیں گے۔ (جاثیہ - 27)

○ تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ ساعت آنے والی ہے اس میں شک نہ کرو۔ (جاثیہ - 32)

○ ہم نہیں جانتے کہ یہ ساعت کیا چیز ہے۔ ہم اسے محض ایک واہمہ سمجھتے ہیں۔ ہم اس پر یقین کرنے کے لئے بالکل تیار نہیں۔ (جاثیہ - 32)

○ اے رسول تم صبر کرو۔ جیسے پہلے رسول بھی صبر کرتے تھے۔ تم ان

کے انجام کے متعلق جلدی نہ کرو۔ جس دن یہ اس عذاب کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔ تو یہ محسوس کریں گے کہ یہ مہلت کا عرصہ ایک دن بھی نہیں بلکہ ایک ساعت کے برابر تھا۔ (احقاف ۔35)

O تو انہیں اب صرف اسکا انتظار ہے کہ وہ آنے والی ساعت اچانک ان کے سامنے آجائے۔ جب وہ آجائے گی تو یہ تذکرہ بھی ان کے کام نہ آئے گی۔ (محمد ۔18)

O جب وہ ساعت قریب آجائے گی تو چاند پھٹ جائے گا۔ (قمر ۔1)

O ساعت کے آنے کا وقت مقرر ہے۔ (قمر ۔46)

O اور وہ ساعت بہت ہی تلخ ہوگی۔ (قمر ۔46)

O یہ لوگ تجھ سے پوچھتے ہیں یہ ساعت بالآخر آئے گی کب؟ (نازعات ۔42)

ڈاکٹر فرقان سرمد

۲۱ ذیقعد ۱۴۱۷ھ

تعارف

اس کائنات میں کوئی بھی چیز.... خواہ وہ کتنی ہی غیراہم ہو..... حادثاتی طور پر وجود میں نہیں آئی۔ یہ بالکل صحیح خیال ہے کہ ہر امر کے لئے ایک وقت معین ہے۔ انسانی زندگی میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات خواہ وہ سعد ہوں یا نحس ان کا انحصار وقت پر ہوتا ہے۔ پس اسی لئے کسی اہم کام کے آغاز اور اس میں کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ درست وقت کا انتخاب کیا جائے۔

یہ وقت وہ ہو جو خوش بختی لائے۔ تمام لوگوں کی ذمہ داریوں پر معین وقت کی حکمرانی ہے۔ اسی وجہ سے ہمارے لئے اشد ضروری ہے کہ تمام کاموں کو شروع کرنے سے پہلے ہم سعد وقت کا انتخاب کریں۔

سعد وقت کے انتخاب کے لئے زمانہ قدیم سے ہی لوگ گہرے وجدان پر انحصار کرتے چلے آرہے ہیں۔ زمانہ قدیم کا انسان اپنی اہم ذمہ داریوں سے متعلق مشورں کے لئے ہمیشہ دارلاستخارہ یا منجمین سے رجوع کرتا تھا۔ اور اسطرح سے وہ کسی اہم کام کی تکمیل کے لئے درست وقت کا انتخاب کراتا تھا۔

زمانہ قدیم کے منجمین بھی بہت تحقیق اور احتیاط سے انسانی زندگی کے اہم امور سے متعلق دن کے ہر گھنٹے پر سیارگان کے اثرات کو نوٹ کرتے تھے۔ انہیں تحقیق سے یہ بات پتہ چلی کہ نہ

صرف ہر انفرادی لمحہ Moment بھی خاص منزل یا سیارہ کے زیر اثر ہوتا ہے۔

بہت سے ایسے افراد جنہیں انکی کامیابیوں پر تاج پہنایا گیا ہے انہوں نے بھی اپنے مقصد کے حصول کے لئے اچھے اور سعد وقت کا انتخاب کیا تھا.........اگرچہ یہ انتخاب لاشعوری تھا۔

تو کیا ہر شخص اپنے اہم کام کے لئے درست اور سعد وقت کا انتخاب نہیں کر سکتا۔

اگر ہماری حرکات پر سیارے حکمران ہیں تو ہم کیوں سعد لمحات کو منتخب کرتے ہیں اور برے لمحات سے بچتے ہیں؟

کم سے کم ایک شخص جسکے ہاتھ میں کوئی کام آتا ہے تو وہ یہ نفسیاتی طور پر محسوس کرتا ہے اور اطمینان چاہتا ہے کہ اسکے کام کا آغاز اچھا ہو۔پس ایک جیسے وقت اور آواز کو قوانین فطرت سے ہم آہنگ کر کے انسانیت اپنے روزمرہ کے امور کے لئے مناسب امور کا انتخاب کر سکتی ہے جس سے اس معاملے میں کامیابی ہو۔اس مضمون کے ساتھ جو آلہ شائع کیا جارہا ہے اسکی مدد سے سعد وقت کے انتخاب میں مدد ملے گی۔

کوکبی گھنٹے:

عربی طریقہ نجوم اور دیگر تمام طریقوں میں کوکبی گھنٹوں کی پیمائش طلوع آفتاب سے غروب آفتاب کے درمیان کی جاتی ہے۔

طلوع اور غروب کے درمیانی وقت کو لیا جاتا ہے غروب سے طلوع آفتاب کے درمیانی وقت کو لیا جاتا ہے اور اس وقت کو 12 مساوی حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے اور ہر حصہ پر ایک سیارے کی حکمرانی ہوتی ہے جس میں کوئی حصہ سعد ہوتا ہے اور کوئی نحس۔ فی زمانہ یہی طریقہ رائج ہے۔

لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ دن کا جو حصہ سعد ہو ضروری نہیں کہ اسکا ہر لمحہ نحس ہو اسی لئے میں نے جو نقشہ دیا ہے اس میں لمحات کو بھی شامل کیا ہے ہر لمحہ تقریباً 4 منٹ کا ہوتا ہے ۔ یہ لمحہ وہ ہے کہ جب سورج عرضی طول البلد کے ایک درجہ سے گزرتا ہے ۔

جب ہم کسی دن کے وقت کا انتخاب کرتے ہیں تو ہم جانتے ہیں کہ سورج ہمیشہ ہر موسم میں معینہ وقت میں نظر آتا ہے یا طلوع ہوتا ہے ۔ یاد رکھیے ایک دن چوبیس گھنٹے کا ہوتا ہے اور ایک گھنٹے میں 4 منٹ کے 15 لمحات ہوتے ہیں 60 = 4 x 15 - یہ ضروری ہے کہ سیارے کہ اثرات کو ایک دوسرے پر نوٹ کیا جائے۔ یعنی سیارے کا حکمران جو دن پر حکمران ہو اور گھنٹے کا حکمران یا لمحے کا حکمراں ہو ان سب کو لیکر وقت یا ساعت کا مطالعہ کریں ۔ جب اس طریقہ سے کوکبی گھنٹے کے اثرات کے بارے میں پیشگوئی کی جائے یا ایک سیارہ جو لمحہ پر مطلوبہ وقت میں غالب آجائے گا اس سے ہم لازمی طور پر ہر سیارے کی قدر مقرر کریں گے

یا یہ دیکھیں گے کہ وہ ایک دوسرے سے کس طرح ہم آہنگ ہیں عربی اور عبرانی طریقہ نجوم میں ہفتہ کا ہر دن ایک سیارے اور ایک عدد سے منسوب ہے یا ہر دن پر ایک سیارہ حکمران ہے بعد ازاں یہ اعداد یا قدریں سیاروں کے لئے مقرر کر دی گئی ہیں ۔

دن کے سیارے کی مقررہ قدر کو جمع کریں گھنٹہ اور لمحہ کے سیارے کے عدد کو بھی جمع کریں پھر ان کا استنطاق کریں اور واحد قدر معلوم کریں جو اس گھنٹہ یا لمحہ پر حکمران ہو ۔ دو یا دو سے زائد قدر کے ہندسوں کو جوڑ کر واحد عدد یا منفرد عدد 1 تا 9 حاصل کریں اس کو حاصل کرنے کے لئے نقشے کے مختلف ہندسوں کو جمع کریں پھر اگر مجموعہ ایک سے زیادہ ہندسے کا ہو تو دوبارہ جمع کریں حتیٰ کہ مفرد عدد حاصل ہو جائے ۔ اگر مجموعہ مفرد ہندسہ ہو تو یہ خود اس نقشہ کی مقررہ قدر ہو گا ۔ پس 1993ء کی مقررہ قدر 3 ہے

1+9 + 9 + 3 =21-

2+1=3

اگر آپ وقت پیما کا مطالعہ کریں تو پتہ چلے گا کہ ہر دن کے پہلے گھنٹے پر اس دن سے منسوب سیارے کی حکمرانی ہو گی ۔ مثلاً پیر کے دن پہلا گھنٹہ قمر کا ہو گا جبکہ منگل کے دن پہلے گھنٹے پر مریخ کی حکمرانی ہو گی ۔ علیٰ ھذا القیاس ۔ اسی طرح ہر گھنٹے پر ہفتے کے دنوں کے مطابق بالترتیب سیارگان کی حکومت ہو گی ۔ ایک فارمولا ذہن نشین کر لیں جو سیارگان کی بالترتیب حکمرانی کے تحت ترتیب

دیا گیا ہے ۔ زحل، مشتری، مریخ، شمس، زہرہ، عطارد، قمر، مختلف دن کے مختلف گھنٹوں پر سیارگان کی حکمرانی کا پتہ چلانے کے لئے درج ذیل فارمولا نہایت کارآمد ہے ۔ تاہم کوکبی گھنٹوں سے پیشگوئی کا انحصار ہر شخص کے اپنے دلائل اور تجربات کی روشنی میں مختلف ہو گا ۔

کوکبی گھنٹوں اور ہفتہ کے دنوں کے نام کا نقطۂ آغاز:

تمام ممالک اور تمام طریقہ کار میں تنجیمی اختراجات کا انحصار سیارگان کی ارضی مرکزی ترتیب پر ہے مثال کے طور پر دائرۃ البروج میں زمین کی پوزیشن مرکزی ہوتی ہے اور سیارے ہمیشہ اپنے مدار پر اس طرح سے گردش کرتے ہیں کہ ان کی یہ گردش زمین کی سمت سے متضاد ہوتی ہے

ارضی مرکزی ترتیب میں سیارگان کا سلسلہ ہمیشہ زحل، مشتری، مریخ، شمس، زہرہ، عطارد، اور قمر کا ہوتا ہے ۔ ایک دن 24 حصوں میں منقسم ہوتا ہے ہر 24 حصہ ایک گھنٹے پر مشتمل ہوتا ہے ۔ ہر گھنٹے پر ایک سیارہ حکمران ہوتا ہے ہر 24 گھنٹے میں سیاروں کی ترتیب (7 x 3 = 21) ہوتی ہے جو تین مرتبہ آتی ہے تین اور سیارے زحل، مشتری، مریخ، چوتھی ترتیب میں آتے ہیں جو بقیہ تین گھنٹوں پر حکمران ہوتے ہیں ۔ چار سیارے جیسے شمس دوسرے دن کے پہلے گھنٹہ کا حکمران ہوتا ہے ۔ پس دیگر چار

سیارے دن کے حکمران کے شروع ہونے کے بعد اسی ترتیب سے دوسرے دن کے آخر میں آتے ہیں ۔ زحل پہلے دن کے پہلے دور کا حکمران ہے جسے ہم ہفتہ یا سنیچر کا دن کہتے ہیں ۔ دیگر چار سیارے مثلاً شمس جو دوسرے دن کا حکمران ہے وہ دن اتوار ہے ۔ شمس سے چوتھا سیارہ قمر ہے جو تیسرے دن کے پہلے حصے پر حکمران ہے اور اسے پیر کا دن کہتے ہیں ۔ کسی بھی دن کے ہر گھنٹے پر ایک سیارہ حکمران ہے ۔ اس لئے ہم ہر گھنٹے کو "کوکبی گھنٹہ" کہتے ہیں ۔ اس تشریح سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ہفتہ کے سات دنوں کے نام ان سیاروں پر رکھے گئے ہیں جو پہلے دن کے پہلے حصہ پر حکمران ہیں اتوار پر شمس حکمران ہے ۔ پیر پر قمر، منگل پر مریخ، بدھ پر عطارد، جمعرات پر مشتری، جمعہ پر زہرہ، اور ہفتہ پر زحل حکمران ہے

سیاروں کی ارضی ۔ مرکزی ترتیب کو ظاہر کرنے والا نقشہ

زحل کا مدار ♄

مشتری کا مدار ♃

مریخ کا مدار ♂

شمس کا مدار ☉

زہرہ کا مدار ♀

عطارد کا مدار ☿

قمر کا مدار ☽

سیارگان کی قدر ، ترتیب ، فطری، موافقت اور مخالفت

قدیم کلدانیوں اور مصریوں نے ہر سیارے کی عددی قدر مقرر تھی ۔ فیثا غورث نے اس طریقہ کار کو بہتر بنایا اور اس سائنس کو ان خطوط پر ترتیب دیا جو روزمرہ زندگی میں موافق ثابت ہوں ۔ اعداد کی سائنس کا انحصار بھی علم نجوم پر ہے ۔ علم الاعداد اور علم نجوم کو ملا کر ہم جلدی درست نتائج معلوم کر سکتے ہیں ۔ حقیقت میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اعداد کی سائنس علم نجوم کے ساتھ ساتھ علم الحساب سے بھی تعلق رکھتی ہے

سیارگان کے اعداد کی ترتیب یوں ہے

شمس 1 (مثبت) 4 (منفی)

قمر 7 (مثبت)2 (منفی)

عطارد 5

مشتری 3

مریخ 9

زہرہ 6

زحل 8

تمام استخراجات میں شمس اور قمر کے مثبت اور منفی پہلوؤں کو پیشنگوئی کے وقت مدنظر رکھا جاتا ہے ۔ مثبت کے اعداد خوش بختی یا سعادت اور منفی اعداد بد بختی یا نحوستوں کو ظاہر کریں گے

O کچھ ماہرین اعداد عدد 4 کو یورانس اور عدد 7 کو نیچون سے منسوب کرتے ہیں

O کوئی گھنٹہ جس وقت سے شروع ہو گا وہ دوسرا گھنٹہ شروع ہونے تک برقرار رہے گا

O ہفتے کے دنوں کے نام تمام زبانوں میں سیارگان کی بنیاد پر رکھے گئے ہیں۔

ترتیب:

سیارگان کی ترتیب اسی طرح ہے جیسے کہ علم نجوم میں ہے

پس

زحل:

ہمیشہ ایک طاقت ور اور نحس سیارہ سمجھا گیا ہے ۔ جو محدود کرتا ہے سرد مہری لاتا ہے خیالات وتصورات کو واضع کرتا ہے ۔

فلسفیانہ فطرت کا حامل ہے

مشتری:

سعد اکبر سیارہ ہے ۔ عروج، گرم جوشی، مہنگائی، امید اور رجائیت پسند بناتا ہے ۔

مریخ:

نحس اصغر سیارہ، حدت، قوت، توانائی اور شہوت پر حکمران ہے ۔

شمس:

حیات بخش سیارہ ہے ۔ اقتدار توانائی اور قوت عطا کرتا ہے

زہرہ:

سعد اصغر ہے ۔ ہم آہنگی، پاکیزگی، روحانیت اور انتہائی خوشی پر حکمران ہے ۔

عطارد:

اسے خدا کا پیامبر کہتے ہیں ۔ بے صنف دماغ کا استاد، ذہانت وجدان اور اظہار کا نمائندہ ہے ۔

قمر:

تغیر پذیر، جذباتیت، احیاء اور حساسیت پر حکمرن ہے

سیارگان کی موافقت اور ناموافقت:

کوکبی گھنٹوں کے اثرات کو جانچنے کے لئے کواکب کی فطری موافقت اور ناموافقت کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ درج ذیل جدول سے سیارگان کے درمیان جو تعلق ہے اس کا اندازہ ہوگا۔ سیارگان کے اثرات کو جانچنے کے لئے مزید علم نجوم کی ضرورت نہیں ہے۔

کواکب	دوست	مساوی	دشمن
شمس	قمر، مریخ، مشتری	عطارد	زہرہ، زحل
قمر	شمس، عطارد	مریخ، مشتری زہرہ، زحل	..
مریخ	شمس، قمر، مشتری	زہرہ، زحل	عطارد
عطارد	شمس، زہرہ	مریخ، مشتری زحل	قمر
مشتری	شمس، قمر، مریخ	زحل	عطارد، زہرہ
زہرہ	عطارد، زحل	مریخ، مشتری	شمس، قمر
زحل	عطارد، زہرہ	مشتری	شمس، قمر، مریخ

کوکبی وقت پیماکو استعمال کرنے کی ہدایت:

تشریح: وقت پیما دو(2) دو قرص (discs) پر مشتمل ہے۔ ایک قرص ساکت ہے جب کہ دوسری حرکت کرنے والی ہے۔ ساکن قرص پر کواکب (سیارگان) کے نام طبعی ترتیب میں علم نجوم کے حساب سے لکھے گئے ہیں اور ساتھ ہی ہر سیارے کا نمبر بھی درج ہے۔ جب کہ حرکت کرنے والی قرص تین حصوں پر مشتمل ہے۔

اس کے بیرونی حصے پر دو تیر بنے ہوئے ہیں ۔ ایک تیر 12 بجے دن
یا صفر گھنٹے کو ظاہر کرتا ہے ۔ جب کہ دوسرا تیر نصف شب یا 12
بجے رات کو ظاہر کرتا ہے ۔ درمیانی حصے پر رومن ہندسوں میں گھنٹے
لکھے گئے ہیں ۔ جو 0 سے 12 تک کو ظاہر کرتے ہیں ۔ جب کہ
وسطی حصے پر 60 منٹ یا ایک گھنٹے کے 15 لمحات کو ظاہر کیا گیا
ہے ۔اس حصے کا ہر ٹکڑا (section) 4 منٹ یا ایک لمحے پر
مشتمل ہے ۔ کیونکہ 24 گھنٹے میں 360 درجے ہوتے ہیں ۔ پس ہم
کہہ سکتے ہیں کہ 4 منٹ میں ایک درجہ طے ہوتا ہے ۔

$4 = 360/24 \times 60$

اس کا مطلب یہ ہوا کہ شمس تقریبا 4 منٹ یا ایک لمحے میں
دنیوی طول البلد کا ایک درجہ طے کرتا ہے ۔ اس حصے کا ہر ٹکڑا 1
(section) گھنٹہ اور 1 منٹ کو ظاہر کرتا ہے ۔

وقت پیما کو کیسے استعمال کیا جائے ۔

(الف)

ایک ہفتے میں کسی گھنٹے پر کسی سیارے کی حکمرانی کو جاننے
کے لئے

ہفتہ کا ایک دن 12 بجے دوپہر سے شروع ہوتا ہے وسط دن
کے تیر کو حرکت کرنے والی قرص پر گھماتے ہوئے ساکن قرص پر

لکھے ہوئے اس دن کے سیارے پر لائیں تو اسی طرح آپ کو اس
دن کے حاکم سیارے سے اس گھنٹے کے حاکم سیارے کا پتہ چل
جائیگا ۔ اس کے نمبر کو نوٹ کریں اور حرکت کرنے والی قرص کے
مقابل ساکن قرص پر جو گھنٹے کے مقابل عدد (نمبر) لکھا ہے اس کو
بھی نوٹ کرلیں

دن کے حاکم کے نمبر اور اس کے مقابل گھنٹے کے حاکم کے
نمبر جمع کریں اور اگر ضرورت ہو تو اسے اکائی نمبروں میں بدل لیں
اسطرح آپ کو خاص گھنٹے کے حاکم سیارے کا مخصوص نمبر معلوم ہو
جائے گا ۔

اگر آپ کسی بھی ہفتہ میں کسی بھی دن 12 بجے دوپہر سے
پہلے کسی گھنٹے کے بارے میں جاننا چاہتے ہوں تو وسط دن کے تیر کو
اس دن تک لے جائیں جسکے بارے میں جاننا چاہتے ہیں ۔

(ب) 4 منٹ پر سیارے کی حکمرانی معلوم کرنے:

جیسا کہ (الف) میں گھنٹے کا نمبر معلوم کرنے کا طریقہ بتایا گیا
ہے اسی طرح کریں ۔ اب وسط دن کے تیر کو گھنٹے کے حاکم سیارے
پر لے آئیں اس کے نمبر کو نوٹ کریں ۔ اور حرکت کرنے والی
قرص کو حرکت نہ دیں اور جس لمحے کے بارے میں آپ جاننا چاہتے
ہیں ۔ ساکن قرص میں اس لمحے کے مقابل جو سیارے کا نمبر ہے

اسے بھی نوٹ کریں - اب گھنٹے کے سیارے اور لمحے کے نمبر کو جمع کریں اور ضرورت ہو تو اسے اکائی میں بدل لیں

تمام عملی مقاصد کے لئے نئی ذمہ داریوں کو قبول کرنے کے لئے آپ کو گھنٹوں پر حکمران سیاروں سے مدد لینی چاہیے - لمحات کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے - لیکن وقتی سوال میں ان لمحات کی قوت بھی اہمیت کی حامل ہوتی ہے -

مثال: فرض کیجے کہ منگل شام 5 بجکر 30 منٹ پر آپ جاننا چاہتے ہیں کہ یہ گھنٹہ سعد ہے یا نحس؟

منگل کے دن پر سیارہ مریخ حکمران ہے جسکا نمبر 9 ہے - اب وسط دن کے تیر کو حرکت کرنے والی قرص پر مریخ کے مقابل لائیں تو رومن ہندسہ V کے مقابل سیارہ زحل ہے جسکا نمبر 8 ہے - اب دن کے سیارے کے نمبر اور زحل کے نمبر کو جمع کریں -

9 + 8 = 17 , 17 کو اکائی میں تبدیل کریں 7 + 1 = 8

یہ وہ عدد ہے جو سیارہ زحل کے گھنٹے پر حکمران ہے - زحل ایک نحس سیارہ ہے - اور شام 5 بجکر 30 منٹ پر زحل کی ساعت ہے اس لئے اس گھنٹے میں کسی اچھے کام کا آغاز نہیں کرنا چاہیے لیکن زحل سے منسوب کام کئے جا سکتے ہیں

اب دوبارہ وسط دن کے تیر کو گھنٹے کے حکمران کے سیارے

زحل پر لائیں - 28 سے 32 منٹ کے مقابل دوبارہ سیارہ زحل ہے اب گھنٹے کے سیارے کے عدد اور لمحے کے سیارے کے عدد کو جمع کریں 8 + 8 = 16 اس کی اکائی 6 + 1 = 7 ہے

نمبر 7 قمر کا مثبت نمبر ہے جو اس لمحے پر حکمران ہے - لہذا وہ لمحہ کسی بھی کام کو کرنے کے لئے سعد ہے -

اس لمحے اگر کوئی خط ملے تو اسمیں کسی مختصر اور خوشگوار سفر کا تذکرہ ہو گا - وقتی سوال میں کسی چیز کے گم ہونے کا ذکر ہو گا جو جلد اور مختصر وقت میں مل جائے گی -

(ج) ہفتے کے کسی بھی دن کوئی معاملہ یا کاروبار شروع کرنے کے لئے موافق گھنٹے یا لمحے کا انتخاب کرنا

اسکی وضاحت ذیل کی مثال سے بہتر طور پر ہو سکتی ہے

الٹی مثال:

بدھ کے دن کسی قانونی معاہدے پر دستخط کرنے کے لئے کون سا گھنٹہ منتخب کرنا چاہیے؟ بدھ کے دن پر عطارد حکمران ہے - جس کا عدد 5 ہے - تمام قانونی معاملات پر مشتری حکمران ہے - جس کا عدد 3 ہے - اب ہمیں اس گھنٹے کا انتخاب کرنا ہے جس کو ہم

دن کے عدد میں جمع کریں تو اکائی عدد 3 حاصل ہوگا
(5+7=12=3)۔ 7 قمر کا مثبت نمبر ہے اب عطارد کے اوپر تیر بنا
ہوا ہے اسے قمر کے مخالف گھنٹے پر لائیں تو 1 بجے دن اور 8 بجے
رات کا وقت بھی قانونی امور کے لئے سعد ہے ۔ اگر ان اوقات میں
سہولت نہ ہو تو 12 بجے دن پہلے کے گھنٹے کا انتخاب کیا جا سکتا ہے ۔
اس کیس میں بدھ سے پہلے کا دن جو کہ منگل کا دن ہے انتخاب
کریں اور اسکے تیر سے کام لیں ۔ منگل پر مریخ حکمران ہے ۔ جس کا
عدد 9 ہے اگر اس میں آپ نمبر 3 جمع کریں تو اکائی کا عدد 3 ہی
حاصل ہوگا (9+3=12=3)۔ مشتری کا نمبر 3 ہے منگل کی رات
12 بجے سے بدھ کی دوپہر 12 بجے کے درمیان مشتری کا گھنٹہ رات
1 بجے اور صبح 8 بجے ہوگا۔

کوکبی وقت پیما سے آپ کھیلوں اور گھڑدوڑ وغیرہ میں جیتنے
والے امیدوار کا پتہ بھی لگا سکتے ہیں میں اس موضوع پر یہاں
صرف اشارے دے رہا ہوں باقی کام بتدیوں کا ہے

دن کے حاکم سیارے گھنٹے کے سیارے اور لمحے کے
سیارے کے اعداد کو جمع کریں ان سے اکائی نمبر حاصل کریں اور
دیکھیں کہ کس امیدوار کا عدد 6 بنتا ہے ۔ کیونکہ عدد 6 زہرہ سے
منسوب ہے جو کھیل گھڑدوڑ اور تفریحات پر حکمران ہے

مثال: فرض کیجئے دن کے حاکم گھنٹے، گھنٹے کے حاکم اور لمحے کے حاکم
سیاروں کے اعداد کو جمع کرنے سے مجموعہ 23 حاصل ہوتا ہے ۔
اس کا اکائی عدد 2+3 = 5 ہے اب ایسے امیدوار کا انتخاب کیجئے کہ
اس کے عدد کو اگر ہم 5 کر دیں تو اکائی عدد 6 حاصل ہو جائے ۔ یہ
اعداد 28,19,10,1 وغیرہ ہیں علی ھذا القیاس

کوکبی وقت پیما کسی شخص یا چیز کے بارے میں وقتی سوالات
کے جوابات کا ایک مفید رہبر ہے ۔ وقتی سوالات میں لمحے کی قوت
کی اپنی ایک اہمیت ہے جیسے ہی کوئی سوال آپ کے ذہن میں
ابھرے یا مستقبل میں کسی بات کو آپ جاننا چاہیں تو وقت کو
نوٹ کر لیں ۔ اس وقت کو مقامی میں تبدیل کر لیں (آخری باب
ملاحظہ کریں) اور پھر لمحے کے حاکم سیارے کا عدد معلوم کریں اس
کے تحت جو پیشگوئیاں لکھی ہیں ان کے جواب حاصل کریں ۔

عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کسی لمحے جو فیصلہ کیا جاتا ہے وہ
دراصل اس سیارے کی فطرت کے مطابق ہوتا ہے جو اس لمحے چل
رہا ہو ..... خواہ وہ وقت سعد ہو یا نحس ۔ سعد سیارے تکمیل خواہش
حالات کی موافقت اور جواب میں " ہاں " کو ظاہر کرتے ہیں جبکہ
نحس سیارے اس کے متضاد جواب کو ظاہر کرتے ہیں

ہندی طریقہ:

ہندی طریقے میں ہفتے کے دنوں کے حکمران سیاروں کا کوئی

عدد نہیں ہوتا ۔ اس لئے یہ کیونکر اندازہ لگایا جائے کہ کون سے
سیارے کا وقت سعد ہے اور کون سے سیارے کا وقت نحس ہے ؟
ان کے یہاں طریقہ یہ ہے کہ گھنٹے کے حکمران سیارے اور دن کے
حکمران سیارے کے درمیان لازمی طور پر آپس میں دوستی ہو تو دن یا
گھنٹہ سعد ہوگا ورنہ نحس ۔ عام طور پر سات گھنٹے اور لمحے اس
ترتیب سے شمار ہوتے ہیں ۔ مشتری، زہرہ، قمر (ہندی علم نجوم کے
مطابق پہلے ہفتے اور آخری قمری ہفتے میں سعد ہوں گے)اور عطارد
سیارہ زہرہ ، مریخ اور شمس اسی ترتیب اور شدت سے نحس ہیں ۔
وہ لوگ ان اوقات میں ذمہ داریاں تو اسی لحاظ سے اٹھالیتے ہیں
لیکن کسی سعد کام کے لئے درست وقت کا انتخاب نہیں کر سکتے ۔

ادواری نظام اور کوکبی گھنٹوں کے درمیان مطابقت:

اس طریقہ کار میں کوکبی گھنٹے اور لمحے کو معلوم کرنے کے لئے
ہم ہندی علم نجوم کے ادواری نظام کو استعمال کریں گے ۔
ادواری نظام کے تحت ہر سیارہ کئی سالوں پر حکمران ہوتا ہے ۔ پہلے
دور پر وہ سیارہ حکمران ہوتا ہے ۔ جو پیدائش کے وقت قمر کی منزل
کے وقت ہوتا ہے ۔ پھر دیگر سیاروں کے دور نکالتے ہیں ۔ جس
سیارے کا دور ہو اس کو اس طرح سے تقسیم کرتے ہیں کہ دور وسط
نکل آئے پھر اس کو مزید تقسیم کر کے دور صغیر معلوم کرتے ہیں

اس طرح سے ہندی منجمین اس وقت تک تقسیم در تقسیم کا عمل
جاری رکھتے ہیں جب تک کہ پیشگوئی کرنے والے لمحے کا دور نہ نکل
آئے ۔ (میری کتاب علم نجوم سیکھیئے کا مطالعہ اس سلسلے میں کافی
مددگار ثابت ہوگا)۔

کوکبی گھنٹوں کے استخراج کے لئے جو طریقہ ہے اس کے مطابق
اس دن کا حاکم سیارہ دور وسط (یا دور اوسط)کو ظاہر کرتا ہے ۔ اور
اس لمحے کا حاکم دور صغیر کو ظاہر کرتا ہے ۔ ادواری نظام میں پیشگوئی
کے لئے زائچہ بنانا ضروری ہوتاہے جب کہ کلدانی نظام میں کوکبی
گھنٹے سے پیشگوئی کی جاتی ہے

کسی بھی دن یہ معلوم کرنے کے لئے کہ کس وقت کونسی ساعت ہوگی اسکا طریقہ یہ ہے کہ پہلے طلوع اور غروب کا وقت سرمدی تقویم سے معلوم کریں یا مطلوبہ تاریخ کا طلوع و غروب اس کتاب کے آخر میں درج 52 صفحات سے نوٹ کرلیں پھر اسے 12 پر تقسیم کردیں تو ساعت خود بخود معلوم ہوجائے گی۔

مثال:

کراچی 17 اکتوبر کا　طلوع آفتاب : 6 بجکر 31 منٹ

غروب آفتاب : 6 بجکر 04 منٹ

کل مقدار یوم : 11 گھنٹہ 33 منٹ

اب کل مقدار کو 12 سے تقسیم کرنا ہے۔ کیونکہ علم الساعت میں دن کے بھی 12 گھنٹے اور رات کے بھی 12 گھنٹے مقرر ہیں۔ اس طرح ایک دن 24 گھنٹوں کا ہوتا ہے۔

11 گھنٹہ 12 سے کم ہے لہذا 11 گھنٹہ کو 60 سے ضرب دے کر منٹ بنایا تو

60 X 11 = 660 منٹ

جمع　33 منٹ

693 منٹ

693 منٹ کو 12 پر تقسیم کیا تو 57 منٹ اور باقی 9 منٹ بچا۔

9 منٹ کو سیکنڈ میں تبدیل کیا تو 60 X 9 = 540 سیکنڈ

540 سیکنڈ کو 12 پر تقسیم کیا تو 45 سیکنڈ حاصل ہوئے۔

پس 17 اکتوبر کے دن کی فی گھنٹہ طوالت 57 منٹ 45 سیکنڈ ہے۔ اسے

طلوع آفتاب میں جمع کرتے جائیں۔

طلوع آفتاب : 1 ——— 6 - 31 - 00
57 - 45
2 ——— 7 - 28 - 45
57 - 45
3 ——— 8 - 26 - 30
57 - 45
4 ——— 9 - 24 - 15
57 - 45
5 ——— 10 - 22 - 00
57 - 45
6 ——— 11 - 19 - 45
57 - 45
7 ——— 12 - 17 - 30
57 - 45
8 ——— 13 - 15 - 15
57 - 45
9 ——— 14 - 13 - 00
57 - 45
10 ——— 15 - 10 - 45
57 - 45
11 ——— 16 - 08 - 30
57 - 45
12 ——— 17 - 06 - 15
57 - 45
غروب آفتاب : 18 - 04 - 00

نوٹ : 18 بجکر 04 منٹ کا مطلب ہوا شام 6 بجکر 04 منٹ اور یہی ہمارے غروب آفتاب کا وقت ہے۔

نوٹ : اگر رات کی ساعتوں کا استخراج مطلوب ہو تو غروب سے طلوع تک کے وقفے کو معلوم کرکے باقی عمل درج بالا طریقے کے مطابق کریں۔

استخراج لمحہ

شائد آپ کو یہ بات معلوم ہو کہ زمین اپنے مدار پر واپس 24 گھنٹے میں آتی ہے۔ اور طول البلد کا ہر درجہ گھڑی کا وقت کے 4 منٹ ہوتا ہے۔ اسی لئے 15 درجہ ایک گھنٹے کی علامت ہوتا ہے۔ اور اسی وجہ سے لمحے کے استخراج کے لئے ساعت کو 15 سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

مثال :

کسی بھی دن یا تاریخ کے کسی بھی ساعت کے لمحات کو معلوم کرنے کے لئے اس ساعت کو 15 پر تقسیم کردیں۔ اس طرح جو 15 جزو حاصل ہوں گے ان میں سے ہر جزو ایک لمحہ کہلائے گا۔ فرض کیجئے کہ ہمیں درج بالا تاریخ یعنی 17 اکتوبر کی نویں ساعت کے لمحات معلوم کرنے ہیں تو نویں ساعت کا دورانیہ 57 منٹ 45 سیکنڈ ہے۔ پس

57 کو 15 سے تقسیم کیا تو ایک لمحہ 3 منٹ کا اور باقی 12 منٹ بچے۔

اس 12 منٹ کو سیکنڈ بنانے کے لئے 60 سے ضرب دیں تو

12 X 60 = 720 سیکنڈ

جمع +45 سیکنڈ

کل = 765 سیکنڈ

اس 765 سیکنڈ کو 15 سے تقسیم کیا تو 51 سیکنڈ حاصل ہوئے۔

پس ایک مکمل لمحہ 3 منٹ 51 سیکنڈ کا ہوگا۔ اسے نویں ساعت میں جمع کرتے جائیں۔

14 - 13 - 00 —— 1
3 - 51
14 - 16 - 51 —— 2
3 - 51
14 - 20 - 42 —— 3
3 - 51
14 - 24 - 33 —— 4
3 - 51
14 - 28 - 24 —— 5
3 - 51
14 - 32 - 15 —— 6
3 - 51
14 - 36 - 06 —— 7
3 - 51
14 - 39 - 57 —— 8
3 - 51
14 - 43 - 48 —— 9
3 - 51
14 - 47 - 39 —— 10
3 - 51
14 - 51 - 30 —— 11
3 - 51
14 - 55 - 21 —— 12

3 - 51	
14 - 59 - 12	13
3 - 51	
15 - 03 - 03	14
3 - 51	
15 - 06 - 54	15
3 - 51	
15 - 10 - 45	

امید ہے کہ طریقہ استخراج سمجھ میں آگیا ہوگیا۔ اگر اب بھی کوئی مشکل ہو تو کسی صاحب علم سے پوچھ لیں یا پھر براہ راست مجھ سے معلوم کرلیں۔

کوکبی گھنٹوں میں وقتی سوالات اور ان کے اثرات:

شمس کی کوکبی ساعت:

شمس مضبوط مقناطیسی قوت، اقتدار اور قدر و منزلت کی علامت ہے۔ بادشاہ یا حکومت کی طرف سے جن افراد کو اقتدار ملے، کسی کے منیجر، شہری اداروں کے سربراہ متولی (trustees) بااثر افراد اور وہ تمام لوگ جو اعلیٰ قوت اور نمایاں مقام رکھتے ہیں وہ سب کے سب شمس سے منسوب ہوتے ہیں۔ یہ ساعت پرانے مستحکم کاروبار کو چلانے کے لئے، حکام یا افسران کی حمایت حاصل کرنے یا ان سے سوال کرنے کے لئے، روحانی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے مراقبہ یا یکسوئی کی مشقیں کرنے کے لئے یا عوام کی بہبود کے کام کرنے کے لئے بہتر ہے۔ دیگر کاموں کے لئے یہ ساعت انتہائی بد اور نحس ثابت ہوتی ہے۔ اس ساعت میں کوئی نئی ذمہ داری نہیں اٹھانی چاہیے۔

وقتی سوال میں اگر کوئی خط ملے تو اس میں پیشہ، ملازمت یا معاشرتی حیثیت سے متعلق استفسار ہوگا۔ اس ساعت میں کوئی چیز گم ہوجائے تو وہ مشرق کی سمت میں چھ ماہ بعد ملے گی یا کبھی نہیں ملے گی۔

شمس کے اثرات:

ہفتے کا دن: اتوار

عدد: (1) مثبت اور 4 (منفی)

سال کا عرصہ: جولائی 23 اگست 22

سمت: مشرق

مقامات: تمام پر شکوہ اور شاندار عمارتیں اور عبادت گاہیں، مکانوں میں، ہال اور کھانے کے کمرے

دھات: تانبہ

رنگ: نارنگی یا زعفرانی

ذائقہ: تیز چبھتا ہوا

حس: شہوانی توانائی

قیمتی پتھر: یاقوت

وقت کے لحاظ سے قوت: دن کے اوقات میں

وقت کا دورانیہ: چھ ماہ

جنس کا حصہ: مذکر

جسم کا حصہ: دل، پیٹھ، مرد کے جسم کا دایاں حصہ اور عورت کے جسم کا بایاں حصہ۔

امراض: آنکھوں اور دل کی کمزوری، بخار، دماغی عوراضات

شباہت: سیدھے، لمبے اور مضبوط جسم کے مالک ہوتے ہیں۔ کشادہ شانے، اونچی پیشانی، عام طور پر خوبصورت، لمبے جسم، پراثر اور نیلی بھوری آنکھیں اور سرخی مائل رنگت ہوتی ہے۔

قمر کی کوکبی ساعت

قانون کے مطابق سیارہ قمر نا قابل ذکر، تغیر پذیر اور غیر مستحکم ہے۔ اس کے تحت جو افراد پیدا ہوتے ہیں وہ اپنی شخصیت کو ظاہر نہیں کر سکتے یہ لوگ کم آمیز مستحکم، متغیر خیالات، بے اطمینانی کا شکار ہوتے ہیں۔ اور مضبوط کردار کے لوگوں سے متاثر ہوجاتے ہیں۔ یہ لوگ گروپ کی شکل میں کام کرتے ہیں۔ گھریلو ملازم، ملاح، ماہی گیر، دایہ گیری، نرسنگ اور عام قسم کے افراد ہوتے ہیں۔ قمر بحراوقیانوس، پودوں، آبی اشیاء، اور ایسی ہی چیزوں سے منسوب ہے۔ مختصر سفر اور آبی سفر بھی اس کے زیر اثر آتا ہے۔ گھریلو امور کے لئے یہ ساعت اچھی ہے۔

وقتی سوال میں اگر یہ نحس ہو تو خواتین اور تبدیلیوں کے لئے نا موافق ہوتی ہے اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو نہیں ملتی۔ اس ساعت میں خط ملے تو اس میں تبدیلیوں، بد قسمتیوں یا کسی قسم کے غم کی خبر ہوگی۔

قمر کے اثرات:

ہفتے کا دن اور اس کا عدد پیر، 7 ، 2 (منفی مثبت)۔ قمر کا مثبت دور پہلے اور آخری ہفتے میں ہوتا ہے ۔ منفی دور آخری سے پہلے ہفتے میں ہوتا ہے

سال کا عرصہ: جون 21 سے جولائی 22

سمت: شمال

مقام: غسل خانہ ، گھر میں دھونے کی جگہ ، ٹینک ، کنواں ، جوہڑ اور دلدلی مقامات ۔

دھات: چاندی

رنگ: سفید یا موتیا رنگ (cream)

قیمتی پتھر: موتی

ذائقہ: نمکین

حس: جذبات

وقت کے مطابق قوت: رات کو باقوت ہوتا ہے

وقت کا دورانیہ: مختصر وقت (تقریبا ایک گھنٹہ)

جنس: مونث

جسم کے حصے: دماغ ، معدہ ، چھاتی ، مرد کی بائیں آنکھ ، عورت کی دائیں آنکھ

امراض: نسوانی بیماریاں ، کھانسی ، نزلہ ، پیٹ کا درد ، پھیپھڑوں کی بیماریاں ۔

شباہت:

مکمل ، موٹا اور فربہ بدن ہوتا ہے چہرہ گول ہوتا ہے ، بازو چھوٹے ہوتے ہیں ۔ ہاتھ پاؤں موٹے ہوتے ہیں جسم زردی مائل ہوتا ہے رنگت صاف ہوتی ہے ۔ آنکھیں بھوری ہوتی ہیں ۔

*

عطارد کی کوکبی ساعت

عطارد دانائی ، حافظے اور علم پر حکمران ہے ۔ جو لوگ لٹریری یا سائنسی کاموں میں مشغول ہوتے ہیں ان سے منسوب ہے ۔ اساتذہ اور علم بانٹنے والے ہوتے ہیں ۔ عطارد کی ساعت وجدان اور تصوارت میں اضافہ کرتی ہے ذہنی سرگرمیاں لاتی ہے اور نئے خیالات کو پیش کرتی ہے ۔ اس کی سعد ساعت میں خط لکھنا ، تعلقات قائم کرنا ، اطلاعات حاصل کرنا ، مختصر وقت کے لئے قرض لینا بہتر ہوتا ہے ۔ مختصر سفر کرنا یا مختصر بحری سفر کرنا ، رقم وصول کرنا ، لوگوں کی حمایت حاصل کرنا اور اہم فیصلے کرتے وقت مشورہ طلب کرنا بہتر ہوتا ہے ۔

وقتی سوال میں اس وقت اگر کوئی خط ملے تو اس میں تبدیلیوں ، سفر ، تحریر کے سلسلے میں پیغام ، خوشحالی ، کاروبار ، تعلیم سے متعلق تجارت اور کتابوں کا تذکرہ ہوگا

عطارد کے اثرات

ہفتے کا دن: بدھ

عدد: 5

سال کا عرصہ: مئی 21 سے جون 20 اور اگست 23 سے ستمبر 22

سمت: شمال

مقامات: کھیل کے میدان، پہاڑ، تمام تعلیمی عمارتیں، بلند مقامات کپڑوں کی الماریاں

دھات: کانسی اور پارہ

رنگ: دھبے والا، سرمئی، فاختئی (جامنی رنگ)

قیمتی پتھر: زمرد

ذائقہ: ملا جلا

حس: بصارت

وقت کے لحاظ سے قوت: ہمیشہ باقوت ہوتا ہے

وقت کا دورانیہ: 2 ماہ

جنس: مخنث

جسم کا حصہ: دماغ، زبان، ہاتھ اور پاؤں

امراض: زبان اور حافظے کی خرابی، ہکلاہٹ، عام اعصابی بیماریاں

شباہت:

لمبے، پتلے جسم۔ لمبے بازو اور ہاتھوں کے مالک ہوتے ہیں۔ پتلا چہرہ، سرخی مائل بھورے بال، بھوری آنکھیں، سرخ و سفید رنگت ہوتی ہے۔

زہرہ کی کوکبی ساعت

سیارہ زہرہ آرٹ سے متعلق اشیاء، لذیذ چیزوں اور جو چیزیں آنکھوں اور کانوں کو بھلی لگیں ان سے متعلق ہے۔ سیارہ زہرہ مصوروں، مجسمہ سازوں، کندہ کرنے والوں، سوزن کاری کرنے والوں (Embroiderers) سنار، آرکیٹیکٹ، دستکار، کھلاڑیوں، ڈیزائنر، زنانہ ٹوپیوں کا کام کرنے والوں، کنفیکشنرز، ماؤں، کنواریوں، تفریحی مقامات وغیرہ سے منسوب ہے۔ اس کی سعد ساعت میں خواتین سے مدد حاصل کرنے، کورٹ شپ، شادی، نئے کپڑے اور زیورات خریدنے، جائیداد خریدنے، مختصر سفر کرنے، دوست سے ملنے، سوشل تقریبات میں جانے اور سوشل تقریبات کا آغاز کرنے کے لئے بہتر ہے درج بالا تمام کاموں کے لئے یہ ساعت سعد ہے

وقتی سوال میں اس وقت اگر کوئی خط ملے تو اس میں تفریح، گھریلو اور سوشل معاملات سے متعلق بات ہوگی یا ان سے متعلق

نقصان کا ذکر ہوگا ۔ اگر اس ساعت میں کوئی چیز گم ہو جائے تو
مغرب کی سمت 15 دن کے بعد ملے گی

زہرہ کے اثرات:

ہفتے کا دن: جمعہ

عدد: 6

سال کا عرصہ : اپریل 20 سے مئی 20 اور ستمبر 23 سے اکتوبر 22

سمت: مغرب اور جنوب مشرق

مقامات: ہموار میدان ، کھیت ، چراگاہیں ، عمدہ مکانات ،
دیوان خانہ معہ فرنیچر اور سونے کے کمرے

دھات: چاندی یا جست

قیمتی پتھر: ہیرا

جنس: مونث

ذائقہ: کھٹا (ترش)

حس: چھونے کی

وقت کے لحاظ سے قوت: دن کے وقت باقوت ہوتا ہے

وقت کا دورانیہ: 2 ہفتے

جسم کے حصے: گردن ، حلق ، چھاتی ، پٹھے ، شریانیں اور آلات تولید

امراض: درد کمر، گردے کی بیماریاں ، ہڈی کا اتر جانا ، ایسی بیماریاں جو
تعیشات کی وجہ سے ہوں اور امراض خبیثہ

شباہت:
اوسط قامت ، خوبصورت بھرا ہوا جسم ، نیلی آنکھیں ، عمدہ
نرم ، ہلکے بھورے گھنگریالے بال ، مترنم آواز ، رنگت سانولی

مریخ کی کوکبی ساعت

زمانہ قدیم میں مریخ کو جنگ کا دیوتا سمجھا جاتا تھا۔ اس کے تحت پیدا ہونے والے افراد جنگجوانہ صفات کے حامل ہوتے ہیں۔ جیسے نڈر ، بے پناہ توانائی اور قوت کے مالک ہوتے ہیں ۔ مستحکم اور باقوت ، جارحانہ اور خود اعتماد ہوتے ہیں۔ یہ ان لوگوں پر حکمران ہے جو آلات اور ہتھیار اپنے پیشوں میں استعمال کرتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ یہ ہتھیار اور آلات کو تباہی کے لئے استعمال کریں جیسا کہ جنگ اور تعمیرات میں ہوتا ہے بلکہ مثبت امور جیسے تعلیم ، سرجری اور دیگر پیشوں میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ فوجی امور ، اسکول ، انجنیئرنگ ، سرجن ، دندان ساز ، لوہار وغیرہ کے کاموں کے لئے بہتر ہے ، مریخ کی ساعت نحس امور کے لئے سعد ہے۔ اس ساعت میں خطرناک لوگوں اور مقامات سے دور رہنا چاہیے۔ اس ساعت میں گفتگو جھگڑے کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ مریخ نسبتاً کم نحس

سیارہ ہے اس لئے یہ کسی اہم ذمہ داری کے کام کے آغاز کے لئے موافق نہیں ہے۔ سرجری اور دانت کے آپریشن سے گریز کرنا چاہیے۔

مریخ کے اثرات:

ہفتے کا دن: منگل

عدد: 9

سال کا عرصہ: مارچ 21 اپریل 19 اور اکتوبر 23 ، نومبر 21

سمت: جنوب

مقامات: گھر میں آتش دان، چمنی، مذبح (بوچڑخانہ) اور میدان جنگ

دھات: سونا

رنگ: خون جیسا سرخ یا قرمزی

قیمتی پتھر: مرجان

ذائقہ: تلخ

حس: ذائقہ

وقت کے لحاظ سے قوت: رات کے وقت

مدت: ایک دن

جنس: مذکر

جسم کا حصہ: سر، گردے، چہرہ، بایاں کان اور آلات تولید

امراض: بخار، طاعون، سوزشی بیماریاں، زخم، پیر کے انگوٹھوں کی سوجن، جلنا اور کھولتے پانی سے جلنا

شباہت: چھوٹا قد، مضبوط اور عمدہ جسم، عضلات نمایاں اور ہڈیاں بڑی، رنگت سرخی مائل یا بھوری، بال سرخی مائل اور آنکھیں بھوری اور تیز ہوتی ہیں۔

مشتری کی کوکبی ساعت:

مشتری اخلاقیات، ہر دلعزیزی، اجلال و احترام، روحانیت، ہمدردی اور امید کا سیارہ ہے۔ اسے عظیم سعادتوں کا حامل سمجھا جاتا ہے۔ اس سیارے کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد میں درج بالا خصوصیات نہایت نمایاں ہوتی ہیں۔

ایسے افراد کونسلر، جج، وکلاء، مذہبی اسکالر، معالج، فلسفی، بینکر اور مرچنٹ ہوتے ہیں۔ اور اس کے تحت پیدا ہونے والے افراد مساجد، درگاہوں، روحانی اداروں اور خیراتی اداروں سے وابستہ ہوتے ہیں۔ اس ساعت میں صاحب ثروت افراد سے چندہ مانگا جاسکتا ہے۔ قانونی مسائل حل کئے جاسکتے ہیں۔ اس ساعت میں نئی ذمہ داریاں قبول کرنا بہتر ہوتا ہے۔ اس ساعت میں فراڈ سے رقم لینا نقصان دہ ہوتا ہے۔ آبی جہاز پر سوار نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی سمندری معاملات کرنے چاہیں۔

وقتی سوال میں، اگر کوئی خط ملے تو اس میں مال، تجارت، انصاف اور جو شخص خط موصول کرے اس کی ترقی کا تذکرہ ہوگا۔ اگر کوئی چیز گم

ہوجائے اور اس پر خصوصی توجہ دی جائے تو فوراً مل جاتی ہے، صلہ ملتا ہے۔

مشتری کے اثرات:

ہفتے کا دن: جمعرات

عدد: 3

سال کا عرصہ: نومبر 22 سے دسمبر 21 اور فروری 19 سے مارچ 20

سمت: شمال مشرق

مقامات: مساجد، درگاہ اور عبادت کے دیگر مقامات، عدالت، تعلیم کی نشست، کپڑے کی الماری۔

دھات: چاندی

رنگ: گہرا سبز رنگ

قیمتی پتھر: پکھراج

ذائقہ: میٹھا

حس: سونگھنے کی

وقت کے لحاظ سے قوت: ہر وقت باقوت ہوتا ہے۔

وقت کا دورانیہ: ایک ماہ

جنس: مذکر

جسم کا حصہ: جگر، پسلی، شریانیں، خون، نظام ہضم، قدرتی رسیں۔

امراض: جگر اور شرائین کی بیماریاں، ذات الجنب، مرگی۔

شباہت: سیدھا، لمبا جسم، بیضوی اور کشادہ پیشانی، بھوری آنکھیں، موٹے، گہرے بھورے بال اور نہایت خوبصورت ہوتے ہیں۔

زحل کی کوکبی ساعت:

سیارہ زحل سخت گیر اور سخت مشکل سیارہ ہے۔ اسے نحس اکبر سمجھا جاتا ہے۔ یہ فطری طور پر پابندی، رکاوٹ اور قول کی پابندی پر مجبور کرتا ہے۔ صبر و تحمل، وفاداری، مراقبہ، استغراق، ہوشمندی، استحکام اور استقلال کی صفات عطا کرتا ہے۔

موجد، کان کن، معدنی کان کے انجینئر، کوئلہ اور معدنیات کے ڈیلر، کیمسٹ، زمین کا کاروبار کرنے والے، بڑے کنٹریکٹرز یا بڑے انتظامی ادارے، نچلے درجے کا کام کرنے والے، بھکاری اور زراعت سے وابستہ افراد بھی اس سیارے کے زیر اثر آتے ہیں۔

اس ساعت میں ارادہ کرنا اچھا ہے۔ قانونی دستاویزات پر دستخط کرنا، تقصیر کرنے والے کے ملازموں سے معاملہ کرنے، مجرموں سے معاملہ کرنے، مجسٹریٹ کی حمایت حاصل کرنے، جیلر مالک مکان، خاص کر بڑی عمر کے افراد سے معاملہ کرنے کے لئے

سعد ہے۔ زمینی پیداوار سے متعلق معاہدات کے لئے بھی نیک ہے۔ زحل کی ساعت سعد کاموں کے لئے نحس ہے۔ اس ساعت میں نئی ذمہ داری قبول نہیں کرنی چاہیے۔ تمام معاملات کے لئے نحس ہے۔

وقتی سوال میں۔ اگر کوئی خط ملے تو اس میں موت، بیماری افلاس، ماتم، غم اور تاخیر کا تذکرہ ہوگا۔ اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو ایک سال یا دو سال بعد ملے گی یا نہیں ملے گی۔

زحل کے اثرات:

ہفتے کا دن: ہفتہ (سنیچر)

عدد: 8

سال کا عرصہ: دسمبر 22 سے جنوری 19 اور جنوری 20 سے فروری 18

سمت: جنوب یا جنوب مشرق

مقامات: صحرا، غار، قبرستان، معدنی کان، پرانی عمارتیں اور گندے و تنگ مقامات۔

دھات: لوہا اور سیسہ

رنگ: سیاہ

قیمتی پتھر: نیلم

ذائقہ: ترش

حس: سننے کی

وقت کے لحاظ سے قوت: رات کے وقت باقوت ہوتا ہے۔

وقت کا دورانیہ: ایک سال

جنس: مخنث

جسم کا حصہ: تلی، دایاں کان، ہڈیاں، دانت، روکے رکھنے والے مقامات اور مثانہ

امراض: مالیخولیا، جذام، تشنج، استسقاء، گردے اور مثانے کی پتھری، بہرہ پن، جنون، مرگی، گٹھیا۔

شباہت: اوسط قامت، کشادہ شانے، چھوٹے زانو اور ٹانگیں، بڑے کان، چھوٹی چھوٹی کالی آنکھیں، رنگت سیاہ یا زرد۔

یورانس اور نیپچون کے اثرات

سیارہ یورانس اور نیپچون کا کواکبی ساعتوں میں کوئی مقام نہیں ہے کیونکہ یہ حال ہی میں دریافت ہوئے ہیں۔ لیکن ان کے اثرات ہماری سرگرمیوں پر بلا تمام شک وشبہ پڑتے ہیں۔

یورانس:

سیارہ یورانس دانائی پر حکمران ہے۔ اس کا اثر اچانک ہوتا ہے۔ خواہ وہ کامیابی سے متعلق ہو یا پریشانی سے، تخلیقی تحریک سے متعلق ہو یا

جھکاؤ (یعنی دباؤ) سے متعلق ہو۔ یہ انسان کے نقطہ نگاہ کو مکمل طور پر بدل دیتا ہے کیونکہ یہ سیارہ فطرتاً سنکی (یعنی منحرف المرکز) غیر یقینی حرکات والا عصبی اور مقناطیسی ہے۔ یہ زیادہ تر غیر معمولی، انقلابی اور کمیاب چیزوں پر حکمران ہے۔

یہ دائرۃ البروج میں برج دلو سے متعلق ہے جو کہ دانائی کا برج ہے اور جس کا عدد 4 ہے جو کہ شمس کا منفی عدد ہے۔ یورانس کے اثرات کو سیارہ عطارد کی ساعتوں کی طرح ہی سمجھا جاتا ہے کیونکہ اس کی صفات اور اشارات عطارد سے ملتے جلتے ہیں۔ عطارد کی طرح یورانس بھی وجدان ----- یعنی چھٹی حس سے متعلق ہے۔

وقتی سوال میں، اگر کوئی خط ملنے کا تذکرہ ہو تو اس میں حیران کرنے والی یا صدمہ پہنچانے والی خبر ہوگی۔ اگر اس ساعت میں کوئی چیز گم ہوجائے تو فوراً نہیں ملتی لیکن حادثاتی طور پر طویل عرصے کے بعد مل جاتی ہے۔

نیپچون:

سیارہ نیپچون کے بارے میں یقینی طور پر ابھی زیادہ معلومات حاصل نہیں ہوئی ہیں۔ منجمین ابھی تک انسانی زندگی پر اس کے اثرات کو مرتب کررہے ہیں۔

یہ سمندروں، اڑ جانے والی رقیق اشیاء، دماغ کی متلون مزاجی جیسے

روح اور خالق کے ارتباط کا عقیدہ (یعنی تصوف)، مافوق الفطرت اور پراسرار تجربات اور دماغی حالت، فریب نظر اور خوف وغیرہ پر حکمران ہے۔

یہ عدد 7 سے متعلق ہے ----- جو قمر کا مثبت عدد ہے۔ اس کے علاوہ ساعتوں میں یہ سیارہ زہرہ سے متعلق ہے۔ کیونکہ ان کے اثرات ملتے جلتے ہیں۔ زہرہ کی طبعی ہم آہنگی کو نیپچون سے روحانی روشنی ملتی ہے۔

مال کیسے ملے گا:

اگر کوئی شخص سوال کرے کہ اسے کن ذرائع سے مال مل سکتا ہے تو ساعت دیکھیں جس سیارے کی ساعت ہو اس کے مطابق جواب دیں۔

شمس:

اگر اس ساعت میں حصول مال کا ذریعہ پوچھا جائے تو اسے بتائیں کہ سرکاری کاموں سے، انعامی اسکیموں سے اور سرمایہ کاری سے مال مل سکتا ہے۔

قمر:

اس ساعت میں سوال ہو تو پبلک کمپنیوں میں سرمایہ کاری سے مال مل سکتا ہے۔ کیٹرنگ کے ذرائع سے اور عوامی کاموں سے مال ملے گا۔

عطارد:

لٹریری کاموں، ایجنسیوں، کاغذ وغیرہ سے مال کی آمد ہوگی۔ پرنٹنگ کے کاموں سے بھی آمدنی اچھی ہو سکتی ہے۔

زہرہ:

موسیقی، گلوکاری، فائن آرٹ اور اسی قسم کے کاموں سے

مال ملے گا۔ شراکتی امور اور تجارت سے بھی مال ملے گا۔

مریخ:

دوسروں سے مال ملے گا خواہ یہ قرض ہو یا ورثہ یا ترکہ شراکتی امور، ساتھ کام کرنے والوں سے بھی مال ملے گا۔

مشتری:

غیر ملکی امور اور سفر سے مال ملے گا۔ زمین، خوراک، کپڑے اور روزمرہ ضروریات کی چیزوں سے بھی مال مل سکتا ہے۔ وراثت تحائف اور دولت مند افراد سے بھی مال مل سکتا ہے۔

زحل:

انڈسٹری، زمین یا جائیداد میں سرمایہ کاری کرکے بھی مالی کامیابی ہو سکتی ہے۔

منی آرڈر

جب آپ منی آرڈر کے ذریعہ کوئی رقم ارسال کریں تو مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھا کریں۔

(۱) نچلے حصہ میں رقم رکھیں۔
(۲) اس مقصد کو بھی لکھیں جس کے لئے یہ روانہ کیا جارہا ہے۔
(۳) کوپن کے پچھلی طرف اپنا پورا نام اور پتہ لکھیں۔
(۴) اگر خریدار ہیں تو خریداری نمبر بھی لکھیں۔

سفر ہوگا یا نہیں

اگر کوئی شخص سوال کرے کہ سفر ہوگا یا نہیں اور اگر ہوگا تو کیسا رہے گا یہ سب کچھ بتانے کیلئے بھی آپ ساعت دیکھیں اور یہ دیکھیں کہ اس ساعت پر کس سیارے کی حکومت ہے اور سائل کو جواب دیں۔ اگر سعد ساعت ہو تو سفر ہوگا ورنہ نہیں۔

شمس:

سفر ہوگا اور سفر سے فائدہ ہوگا۔

قمر:

بہت سفر ہوگا اور فائدہ بھی ہوگا۔

عطارد:

سفر ہوگا اور سفر کے دوران سرگرمیاں زیادہ ہوں گی۔ بہت نفع ہوگا۔

زہرہ:

سفر اور تبدیلی ہوگی سفر سے تفریح کا موقع بھی ملے گا۔ اور نفع بھی ہوگا

مریخ:

سفر کا امکان نہیں ہے۔ اگر کریں گے تو نقصان ہوگا۔

مشتری:

سفر ہوگا اور سفر سے خوش بختی حاصل ہوگی۔ کامیابی ہوگی۔ آمدنی بھی ہوگی۔

زحل:

سفر میں تاخیر ہونے کا امکان ہے۔ ذمہ داری اٹھانی پڑے گی۔ پریشانیاں ہوں گی۔

انعام ملے گا یا نہیں

علم الساعات کے ذریعے اس قسم کے سوالات کے جوابات منٹوں میں حاصل ہوجاتے ہیں۔ ساعت دیکھیں اور جواب دیں۔

شمس:

انعامی اسکیموں میں حصہ لیں انعام ملے گا۔

قمر:

انعام ملے گا مگر کافی مدوجزر کے بعد۔

عطارد:

انعام کے حصول کے لئے بہت ذہنی محنت کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر ساعت سعد ہے تو فوری انعام ملنے کا امکان ہے۔

زہرہ:

سرمایہ کاری اور انعامی اسکیموں میں حصہ لینے سے زبردست مالی فائدہ ہوگا۔

مریخ:

انعامی اسکیموں سے گریز کرنا ہی بہتر ہے کیونکہ ذہنی و جسمانی توانائی صرف ہوگی اور حاصل کچھ نہ ہوگا۔

مشتری:

سرمایہ کاری، کاروباری ذرائع اور انعامی اسکیموں سے مالی فائدہ ہوگا۔

زحل:

بہت احتیاط سے انعامی اسکیموں میں حصہ لیں کیونکہ نقصان بھی ہوسکتا ہے۔

میراث ملے گی یا نہیں

اگر کوئی شخص یہ جاننا چاہے کہ اسے ترکہ یا ورثہ ملے گا یا نہیں تو ساعت دیکھیں اور اچھی یا بری ساعت کے مطابق نتیجہ اخذ کریں۔

شمس:

اگر اس ساعت میں سوال پوچھا جائے تو جواب اثبات میں دیں یعنی ترکہ یا ورثہ ضرور ملے گا۔ سائل کو ترکہ یا ورثہ عزیزوں سے بھی مل سکتا ہے اور شراکت میں کام کرنے سے بھی ترکہ مل سکتا ہے۔

قمر:

اس ساعت میں سوال کیا جائے تو جواب یہ ہوگا کہ ترکہ یا ورثہ ملنے کا امکان بہت معمولی ہے۔ اگر ملا بھی تو والدین سے یا پھر شراکت سے مل سکتا ہے۔

عطارد:

اس ساعت میں سوال ہو تو بھی ہم یہ کہیں گے کہ ترکہ ملنے کا امکان برائے نام ہے اگر ملا بھی تو شراکتی امور سے ملے گا۔

زہرہ:

یقینی طور پر ورثہ یا ترکہ ملے گا۔ دوسروں کی موت اور شادی سے بھی مالی فائدہ ہوگا۔ انشورنس سے بھی رقم ملنے کا امکان قوی ہوتا ہے۔

مریخ:

اس ساعت میں جواب احتیاط سے دیں کیونکہ ترکہ یا ورثہ مل سکتا ہے اور نہیں بھی۔ اگر ملا تو اچانک ملے گا۔ بشرطیکہ سعد ساعت ہو۔ اگر ساعت نحس ہو تو سائل کو جواب دیں کہ جھوٹا خیال دل سے نکال دینا ہی بہتر ہوگا۔

مشتری:

ان افراد کو ورثہ یا ترکہ موت، شادی، شراکت اور ساتھ کام کرنے والوں کی طرف سے مل جائے گا کیونکہ یہ ساعت ان امور کے لئے سعد اور قوی ہے۔

زحل:

اس ساعت میں سوال ہو تو مال بذریعہ ترکہ یا ورثہ ملنے کا امکان برائے نام ہی ہوتا ہے۔ بلکہ اس سلسلے میں دوسرے کی طرف سے پریشانی کا بھی سامنا ہوتا ہے۔

کونسا پیشہ اختیار کیا جائے

جب کوئی شخص آپ سے اس قسم کا سوال پوچھے تو وقت دیکھیں کہ کس سیارے کی ساعت چل رہی ہے۔ اور ذیل سے جواب اخذ کریں۔

شمس:

ذاتی کاروبار بہتر رہے گا۔ اگر ملازمت کریں تو ذمہ دارانہ اور مقتدر پوزیشن پر ورنہ نہیں۔ سرکاری یا نیم سرکاری کاموں کا ٹھیکہ لیں۔ سونا یعنی جیولری کا کام، آرائش کا کام، اخبارات کے ذریعے اشتہارات کا کام، قرض دینا، تعلیم سے متعلق کام۔

قمر:

عوامی اداروں میں ملازمت بہتر ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ کیٹرنگ، ہوٹل، پنساری، گھریلو استعمال کی اشیاء، لانڈری، چاندی کے زیورات کا کام، رقیق (آبی) اشیاء کا بزنس، نرسنگ، ملبوسات کی تیاری کا کام، کلرکی، دودھ کا کام۔

عطارد:

سیکریٹری کی حیثیت سے ملازمت بہتر ہوتی ہے۔ لٹریری اور تحریراتی کام، پرنٹنگ، کتب فروشی، اسٹیشنری، اخبارات کا کام، نشرواشاعت، پبلشنگ، ٹریفک، ٹرانسپورٹ، تحقیقاتی کام، تعلیم

کے کام، کلرکی، ٹیچنگ۔

زہرہ:

خواتین سے متعلقہ کام، سینما، ریشمی کپڑوں کا کام، میوہ جات، لکڑی، کاسمیٹکس، کنفکشنری، ڈیزائننگ، فوٹوگرافی، زنانہ ملبوسات کی تیاری، زیورات، خوشبویات، فیشن کی اشیاء اور سامان تعیش کا کام۔

مریخ:

میکنیکل قسم کے کام موزوں ہوتے ہیں۔ کیمسٹ، ڈاکٹر، دندان سازی کا کام، سرجری کا کام، اوزار کی تجارت، ٹرانسپورٹ، مشینری، دھاتوں کے سامان، کٹلری، نمک، تمباکو، چاول، لوہا، سنار، کباڑیئے کا کام، انجنیئرنگ، ٹھیکے داری، آئرن اسٹیل کا کام، پہلوانی، فوج سے متعلقہ کام۔

مشتری:

مذہبی کام، غیر ملکی کام، مرچنٹ، کپڑے کا کام، پروڈکشن، فٹ بال سے متعلقہ کاروبار، ریسلنگ (کشتی) سے متعلقہ کاروبار، اسٹاک ایکسچینج کا کام، گھوڑوں کی تجارت، گاڑیوں کی تجارت، نشہ آور چیزوں کی تجارت، ڈاکٹری، طباعت، وکالت، قانون سے متعلقہ کام، انشورنس، بینک کا کام، رفاہ عامہ کا کام موزوں رہے گا۔

زحل:

اناج، مکان کی تعمیر، زمین کا ٹھیکہ، برتنوں کا کام، اوزار کا کام، کوئلہ، چمڑا، جوتا سازی کا کام، کھدائی سے متعلقہ تمام کام، مکان کرائے پر دینا یعنی اسٹیٹ ایجنسی کا کام، پلمبر کا کام، معدنیات کا کام، زراعت کا کام، آثار قدیمہ کی چیزوں کا کاروبار بہتر رہے گا۔

کیا کسی نے جادو کیا ہے؟

اگر اس قسم کا سوال ہو تو علم الساعات سے بھی مدد مل جاتی ہے۔ صرف یہ دیکھیں کہ کس سیارے کی ساعت ہے اور ذیل سے جواب دے دیں۔

شمس:

جادو کیا گیا ہے۔ اور عزیزوں کی طرف سے کیا گیا ہے۔ تاکہ معاملات میں رکاوٹ پڑجائے۔ اور بیمار کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ آپ کی آزادی کو سلب کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔

قمر: سحر ہے۔ بغض وحسد کی وجہ سے سحر کیا گیا ہے۔

عطارد:

زبان و عقل کی بندش بذریعہ سحر کی گئی ہے۔

زہرہ:

سائل پر سحر نہیں کیا گیا ہے۔

مریخ:

سحر ہے تاکہ حادثہ پیش آئے یا سائل قید ہوجائے۔

مشتری:

براہ راست سحر نہیں کیا گیا ہے مگر موروثی طور پر اثرات ہیں۔

زحل:

سحر نہیں ہے مگر خود کردہ کسی عمل سے رجعت ہوگئی ہے۔

*

کیا مرض لاحق ہے؟

اگر کوئی شخص یہ جاننا چاہے کہ اسے کیا مرض لاحق ہے تو ساعت دیکھیں کہ کس سیارے کی ہے اور اس وقت کونسا برج طلوع ہے پس اس کی روشنی میں جواب دیا جاسکتا ہے کہ اسے کونسا مرض لاحق ہے۔ ہم یہاں نمبر 1 تا 12 کے تحت امراض لکھ رہے ہیں جو بروج کے نمبر ہیں۔

شمس:

(1) زانو (2) گھٹنے (3) ٹانگیں اور کہنیاں (4) گھٹنے (5) سر (6) حلق (7) بازو اور شانے (8) چھاتی اور دل (9) دل اور معدہ (10) معدہ اور کمر (11) گردے اور اعضائے پوشیدہ (12) اعضائے پوشیدہ اور زانو۔

قمر:

(1) گھٹنے اور سر (2) ٹانگیں اور حلق (3) پاؤں بازو اور کندھے (4) سر، چھاتی اور معدہ (5) حلق معدہ اور قلب (6) بازو، کندھے اور آنتیں (7) سینہ، دل، شکم اور گردے (8) معدہ، دل، پیٹ اور اعضائے پوشیدہ (9) کمر آنتیں اور زانو (10) گردے، زانو اور گھٹنے (11) اعضائے پوشیدہ، ٹانگیں اور کہنیاں (12) زانو اور پاؤں۔

عطارد:

(1) اعضائے پوشیدہ اور ٹانگیں (2) زانو اور پاؤں (3) گھٹنے اور سر (4) آنکھیں، حلق اور ٹانگیں (5) حلق، بازو، پاؤں اور کندھے (6) سر، سینہ اور دل (7) حلق، دل، شکم اور معدہ (8) شانے اعضائے پوشیدہ (9) چھاتی، دل، گردے، اعضائے پوشیدہ (10) معدہ، دل اور اعضائے پوشیدہ (11) آنتیں دل اور زانو (12) گردے، اعضائے پوشیدہ، گھٹنے اور زانو۔

زہرہ:

(1) گردے اور پاؤں (2) سر اور اعضائے پوشیدہ (3) حلق اور زانو (4) بازو، کندھے اور گھٹنے (5) چھاتی، ٹانگیں اور دل (6) معدہ، دل، شکم اور پاؤں (7) سر اور آنتیں (8) حلق، گردے اور اعضائے پوشیدہ (9) بازو، زانو، شانے اور اعضائے پوشیدہ (10) چھاتی، دل اور زانو (11) دل اور گھٹنے (12) شکم اور ٹانگیں۔

مریخ:

(1) پیٹ اور سر (2) گردے اور حلق (3) پوشیدہ اعضا، بازوں اور چھاتی (4) زانو اور چھاتی (5) گھٹنے، دل اور پیٹ (6) ٹانگیں اور شکم (7) پاؤں، گردے اور اعضائے پوشیدہ (8) سر، اعضائے پوشیدہ، بازو اور زانو (9) حلق، زانو، بازو اور پاؤں (10) بازو،

گھٹنے، کندھے اور ٹانگیں (11) چھاتی، دل اور ٹانگیں (12) دل، پیٹ، پاؤں اور کہنیاں۔

مشتری:

(1) گردن، حلق، دل اور شکم (2) شانے، بازو، پیٹ اور گردن (3) چھاتی، گردے اور اعضائے پوشیدہ (4) دل، اعضائے پوشیدہ اور زانو (5) پیٹ، زانو اور گھٹنے (6) گردے اور گھٹنے (7) اعضائے پوشیدہ، ٹانگیں، سر اور آنکھیں (8) زانو اور پاؤں (9) گھٹنے، سر اور زانو (10) گردن، آنکھیں اور پاؤں (11) پاؤں، بازو، شانے اور چھاتی (12) سر، چھاتی اور دل۔

زحل:

(1) بازو، شانے اور چھاتی (2) چھاتی، دل اور کمر (3) دل، پشت اور شکم (4) شکم، گردے اور اعضائے پوشیدہ (5) اعضائے پوشیدہ اور گردے (6) اعضائے پوشیدہ، زانو اور پاؤں (7) گھٹنے اور زانو (8) گھٹنے اور زانو (9) ٹانگیں اور پاؤں (10) سر اور پاؤں (11) گردن اور سر (12) بازو، گردن اور کندھے۔

اب حصول مقاصد کے سلسلے میں ہر ساعت سے منسوب
عملیات و نقوش و طسمات دے رہا ہوں۔ ساتھ ہی ساتھ امراض
کے سلسلے میں روحانی علاج کے ساتھ ادویاتی علاج بھی رقم کررہا
ہوں تاکہ ہر شخص جو اس علم سے مستفید ہونا چاہے بہ سہولت
ہو۔

میں ان صفحات میں جو عملیات و نقوش و طلسمات دے رہا
ہوں وہ سب کے سب قرآن سے ماخوذ ہیں اور ذاتی تجربے کی کسوٹی
پر پورے اترے ہیں۔جہاں قرآنی آیات درج ہیں ان کے ساتھ ہی
آیت کا نمبر بھی لکھ رہا ہوں تاکہ پڑھنے کے سلسلے میں اعراب کی
درستگی کے لئے براہ راست قرآن حکیم سے آپ استفادہ کر سکیں۔
مجھے قوی امید ہے کہ ان عملیات و نقوش وطلسمات سے
تشخیص و علاج کے سلسلے میں ان لوگوں کو نفع ہوگا جو علم الساعات
پر عبور پیدا کرلیں گے۔

ساعت شمس

شمس کی ساعت میں عزت و کامیابی ملتی ہے اور مرتبہ میں
ترقی ہوتی ہے۔ تمام ظاہری کاموں میں کامیابی ہوتی ہے۔ اگر تمام

کام ساعت شمس اور طالع اسد میں کیا جائے تو کامیابی جلدی ہوتی
ہے۔

1۔ امراض:

o اگر ساعت شمس ہو تو امراض جسمانی ہیں۔ امراض کی
تفصیل گزشتہ صفحات میں ملاحظہ کریں۔ جسمانی امراض کے لئے
قدرتی ادویات اور ہومیوپیتھی ادویات کی تفصیل یوں ہے۔

قدرتی ادویات:

بادام، دیودار، بابونہ، مامیران، حشیش الحلیب، فراسیا، عود
صلیب، گل صد برگ، رائی، زیتون، مسکیہ، چاول، نرگس سفید،
سداب، زعفران، اوس (شبنم)، سہاگہ، سورج مکھی، انگور کی بیل،
سپستان، اخروٹ وغیرہ۔

ہومیوپیتھک ادویات:

یہ نام میں قارئین کی سہولت کے لئے انگریزی میں دے رہا
ہوں۔

1 - Prunus Amygadadalus

2 - Angelica Spp

3 - Chamomilla

4 - Chelidlonium Majus

5 - Eupharasia Officinalis

6 - Juniperas Communis

7 - Tagetes Spp

8 - Brasica Spp

9- Olea Europaea

10 - Pimpinella spp

11 - Rosmarinus Officinalis

12 - Oryza Sativa

13 - Ruta Graveqlens

14 - Crocus Sativus

15 - Hypericum Perforatum

16 - Drosera Rotundifolia

17 - Tormentilla Erecta

18 - Tuglans Spp

ان ادویات میں سے جن کی ضرورت ہو کسی ماہر ہومیو پیتھی سے مشورے کے بعد ہی استعمال کریں تاکہ مرض اور مریض کا صحیح علاج ہوسکے۔

○ اگر شمس کی ساعت نحس ہو تو مرض روحانی ہے۔ اسے چشم بد کی شکایت ہے۔ بدن میں خشکی اور حرارت ہے۔ مرض کا زیادہ زور سر اور دل کی طرف ہے۔ بدن اور پنڈلیوں میں بھی درد

کی شکایت ہوتی ہے۔

روحانی علاج:

○ طٰسٓمٓ ○ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ نیز اگر پلانے کا سوال ہو تو زعفران سے 109 مرتبہ لکھ کر پینے کیلئے دیں۔

○ یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالنے یا پینے کیلئے دینے سے بھی 21 دن میں مکمل شفاء ہوجائے گی۔ یہ نقش سورۃ العمران کی آیت 74 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۶۳۹	۱۶۴۴	۱۶۴۳
۱۶۴۶	۱۶۴۲	۱۶۳۸
۱۶۴۱	۱۶۴۰	۱۶۴۵

○ اس سلسلے میں ایک اور نقش دے رہا ہوں اسے لکھ کر پلایا جائے تو انشاء اللہ چھ سے آٹھ دن میں کلی شفاء ہوجائے گی۔ یہ نقش سورۃ المومن کی آیت 60 کے ایک جزو سے ترتیب دیا گیا ہے۔ خاکی چال سے پر کریں۔

۷۸۶

۳۶۴	۳۷۰	۳۶۲
۳۶۳	۳۶۵	۳۶۸
۳۶۹	۳۶۱	۳۶۶

اگر مریض کے متعلقین یہ چاہیں کہ کچھ پڑھنے کے لئے بتایا جائے کہ مریض کو شفاء ہو تو سورۃ الواقعہ کی آیت 74 فسبح باسم ربک العظیم کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں اور پڑھ کر اس کے سر پر دم کر دیں۔

○ سورۃ القدر اور سورۃ الفلق لکھ کر مریض کو پلانے سے بھی روحانی مرض جاتا رہتا ہے ان دونوں سورتوں کے اعداد سے ہم ایک نقش بھی ترتیب دے کر یہاں درج کررہے ہیں۔ یہ بھی پڑھنے اور باندھنے میں یکساں مفید ہے۔ نقش بادی چال سے پر کریں۔

۷۸۶

۶۱۶۳	۶۱۶۸	۶۱۶۷
۶۱۷۰	۶۱۶۶	۶۱۶۲
۶۱۶۵	۶۱۶۴	۶۱۶۹

2- تسخیر:

اگر کوئی شخص افسران، حکام یا اعلیٰ درجہ کے افراد کی تسخیر کے لئے نقش کا طالب ہو تو ساعت شمس میں جب طالع برج اسد ہو یہ نقش لکھ کر دیں کہ پاس رکھے اور پھر اس کے اعجاز آفرین اثرات کا مشاہدہ کریں۔ یہ نقش اسم الہیٰ القوی، القادر سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۴۴	۱۳۶	۱۴۱
۱۳۸	۱۴۰	۱۴۳
۱۳۹	۱۴۵	۱۳۷

3- تحفظ:

ساعت شمس کی دیگر منسوبات سے متعلقہ عملیات و نقوش ہم یہاں درج کررہے ہیں۔

اگر کوئی شخص ساعت شمس میں اس نقش کو زرد رنگ کے کاغذ پر لکھ کر پاس رکھے تو اسے ہر طرح کا تحفظ حاصل ہوگا۔ یہ نقش سورۃ العمران کی آیت 123 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نقش بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۰۴۷	۱۰۵۲	۱۰۴۱	۱۰۴۲
۱۰۴۵	۱۰۳۸	۱۰۵۱	۱۰۴۸
۱۰۵۰	۱۰۴۹	۱۰۴۴	۱۰۳۹
۱۰۴۰	۱۰۴۳	۱۰۴۶	۱۰۵۳

4- تجارت:

اگر کوئی ساعت شمس میں خرید و فروخت سے متعلق سوال

کرے تو اسے کہیں کہ صرف خریدنا یا امپورٹ کرنا بہتر ہوگا۔ اگر تجارت میں ترقی و برکت کے لئے نقش کا سوال کرے تو یہ نقش لکھ کر دیں۔ یہ نقش سورۃ الجمعہ کی آیت 4 اور آیت 11 کے جزو سے بنایا گیا ہے۔ آتشی چال سے پر کریں۔

۷۸۶

۱۶۸۱	۱۶۸۴	۱۶۸۷	۱۶۷۴
۱۶۸۶	۱۶۷۵	۱۶۸۰	۱۶۸۵
۱۶۷۶	۱۶۸۹	۱۶۸۲	۱۶۷۹
۱۶۸۳	۱۶۷۸	۱۶۷۷	۱۶۸۸

5۔ چوری:

اگر کوئی چور کے متعلق پوچھے تو بتائیں کہ وہ مکار، مضطرب الطبع اور جھوٹا انسان ہے۔ زانی، فاسق، خائن اور اللہ کا دشمن ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ چوری شدہ چیز ملے گی یا نہیں تو سعد ساعت ہو تو ملنے کا امکان ہے اور نحس ہو تو نہیں ملے گی۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ ایسی کوئی چیز دی جائے کہ چور ہاتھ آجائے یا چوری شدہ چیز مل جائے تو مرغی کے انڈے پر یہ طلسم کر دیں اور کہیں کہ انڈا ایسی جگہ رکھو کہ جہاں سے گرمی پہنچتی رہے۔ ایک سے چار دن میں مال نہ ملا تو پھر ملنے کی آس چھوڑ دو۔ طلسم یہ ہے۔

بیش بیش بیش ھش ھش ھش

------۳۰۵۲۱۳

6۔ حمل / اولاد:

اگر سوال حاملہ کے متعلق ہو اور ساعت سعد ہو تو دیکھو کہ سائل نے ساعت کے کس حصے میں سوال کیا ہے اگر پہلے حصے میں سوال ہو تو لڑکا ہوگا اور آخری حصہ میں ہو تو لڑکی ہوگی۔

اگر ساعت نحس ہے تو حمل نہیں ہے۔ اگر اس سلسلے میں کوئی نقش کا طالب ہو تو سورہ مومن کی آیت 67 لکھ کر دیں کہ اسے 13 دن پلایا جائے انشاء اللہ حمل ٹھہر جائے گا۔

هوالذی خلقکم من تراب ثم من نطفة ثم من علقة ثم یخرجکم طفلاً ثم لتبلغوآ اشدکم ثم لتکونوا شیوخاً و منکم من یتوفی من قبل و لتبلغوآ اجلاً مسمی و لعلکم تعقلون ○

7۔ دفین:

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ اس کے گھر میں یا کاروبار کی جگہ میں کسی نے سحر یا جادو کے لئے کچھ دفن تو نہیں کیا ہے تو ساعت کا پہلا حصہ ہو تو دفن نہیں کیا اگر دوسرا حصہ ہو تو کچھ سحر وغیرہ ہے۔ جانور کا صدقہ دینے کا مشورہ دیں۔

اگر سحری اثرات کے باطل ہونے کے لئے کوئی تعویذ طلب کرے تو سورہ سجدہ کی آیت 15 سے تیار کردہ یہ نقش لکھ کر دیں۔ یہ نقش آبی چال سے پُر ہے۔

۷۸۶

۱۲۹۲	۱۲۹۵	۱۳۰۳	۱۲۸۹
۱۳۰۲	۱۲۹۰	۱۲۹۱	۱۲۹۶
۱۲۸۷	۱۳۰۱	۱۲۹۷	۱۲۹۴
۱۲۹۸	۱۲۹۳	۱۲۸۸	۱۳۰۰

8۔ زراعت:

اگر کوئی شخص شمس کی ساعت میں زراعت یا باغبانی کے متعلق سوال کرے تو ساعت کے تین حصے کریں۔ پہلے حصے میں جواب ہوگا کہ زراعت یا فصل اچھی ہوگی۔ اگر درمیانی حصے میں ہو تو فصل درمیانی ہوگی۔ اور آخری حصے میں جواب ہوگا کہ فصل خراب ہوگی۔ اگر اس سلسلے میں بہتری کے لئے کوئی نقش یا تعویذ طلب کرے تو اسے اسم الہیٰ الواسع 137 مرتبہ لکھ کر لٹکانے کے لئے دے دیں۔

9۔ سفر:

اگر سائل سفر کے متعلق ساعت شمس میں سوال کرے تو ساعت کے تین حصے کرلیں پہلے حصے میں جواب ہوگا کہ سفر کا امکان ہے اور سفر اچھا رہے گا۔ دوسرے حصے میں جواب ہوگا کہ سفر کا امکان ہے مگر سفر درمیانہ رہے گا اور آخری حصے میں جواب ہوگا کہ سفر نہیں ہوگا اور اگر کیا تو مشکلات پیش آئیں گی۔

اگر اس سلسلے میں تعویذ کا سوال ہو تو سورۃ العمران آیت 165 کے جزو سے تیار کردہ یہ نقش لکھ کر دے دیں کہ ساتھ رکھے تو سفر خیرت سے گزرے گا۔ آتشی چال سے نقش دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۳۰۴	۲۹۶	۳۰۱
۲۹۸	۳۰۰	۳۰۳
۲۹۹	۳۰۵	۲۹۷

10۔ شکار:

اگر سوال شکار کا ہو اور شمس کی سعد ساعت ہو تو شکار ملے گا اور خوب ملے گا۔ لیکن اگر ساعت نحس ہو تو شکار نہیں ملے گا۔ شکار میں کامیابی کے لئے طلسم درکار ہو تو یہ طلسم لکھ کر دیں۔

اکفا ------------ ذلق
۱۳۷۹۲۱

11۔ شراکت:

اگر اس ساعت میں کوئی سوال کرے کہ شراکت کیسی رہے گی تو جواب ہوگا کہ شراکت سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ خواہ یہ شراکت سرمایہ کی بنیاد پر ہو یا پھر ایک کا سرمایہ اور دوسرے کی محنت پر ہی کیوں نہ قائم ہو۔ اگر شراکت پہلے سے ہو اور اس میں کامیابی مطلوب ہو تو سورۃ الفرقان کی آیت نمبر 60 سے تیار کردہ یہ نقش

لکھ کر پاس رکھنے کو دیں۔

۶)۱۰۵۱	۷)۱۰۵۳	۲)۱۰۴۷
۱)۱۰۴۶	۵)۱۰۵۰	۹)۱۰۵۵
۸)۱۰۵۴	۳)۱۰۴۸	۴)۱۰۴۹

12۔ شادی:

اگر شادی سے متعلق کوئی سوال کرے کہ شادی ہوگی یا نہیں تو وقت کو تین حصوں میں تقسیم کرلیں۔ اگر سوال پہلے حصے میں ہو تو شادی ہوجائے گی۔ دوسرے حصے میں ہو تو نہ ہوگی اور اگر ساعت کا آخری حصہ چل رہا ہو تو شادی تو ہوگی مگر بڑی پریشانیوں کے بعد۔

اگر کسی کی شادی نہ ہوتی ہو تو سورۃ الفرقان کی آیت 74 تا 76 سے ترتیب دیا ہوا یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ 225 دن کے اندر شادی ہوجائے گی۔

۷۸۶

۸)۳۲۴۹	۱)۳۲۴۱	۶)۳۲۴۷
۳)۳۲۴۳	۵)۳۲۴۶	۷)۳۲۴۸
۴)۳۲۴۵	۹)۳۲۵۰	۲)۳۲۴۲

13۔ عروج و ترقی:

اگر کوئی شخص یہ سوال کرے کہ اسے زندگی میں عروج ملے گا

یا نہیں تو اگر شمس کی سعد ساعت ہو تو عروج حاصل ہوگا ورنہ نہیں۔ اس سلسلے میں یہ نقش پاس رکھنا نہایت اچھا ہوگا۔ سورۃ السجدہ کی آیت نمبر 15 سے یہ نقش ترتیب دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۶)۱۷۲۷	۷)۱۷۲۸	۲)۱۷۲۳
۱)۱۷۲۲	۵)۱۷۲۶	۹)۱۷۳۰
۸)۱۷۲۹	۳)۱۷۲۴	۴)۱۷۲۵

14۔ غلبہ:

اگر دو اشخاص میں غالب و مغلوب معلوم کرنا ہو تو جواب ہوگا کہ طالب غالب ہوگا یا جو شخص سمت مشرق میں ہوگا وہ غالب ہوگا۔

اگر دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے نقش چاہیے تو یہ نقش لکھ کر دیں کہ بازو پر باندھ لے۔ یہ نقش اسم الہیٰ "القادر" سے ترتیب دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۸)۱۰۵	۱)۹۷	۶)۱۰۳
۳)۹۹	۵)۱۰۲	۷)۱۰۴
۴)۱۰۱	۹)۱۰۶	۲)۹۸

15- غائب:

اگر سوال غائب کا ہو تو جواب ہوگا کہ وہ زندہ ہے۔ کسی بڑے آدمی کے ساتھ ہے۔ واپس آئے گا مگر کافی انتظار کے بعد۔ اگر اس سلسلے میں وظیفے کی ضرورت ہو تو سورۃ آلعمران کی آیت 18 کے اس جزو کو روزانہ 344 مرتبہ پڑھ لیں۔ کل مدت 11 یوم ہے۔ آیت یہ ہے

لاالہ الا ھوالعزیزالحکیم

16- کام یا مقصد میں کامیابی:

اگر سائل کسی کام یا مقصد میں کامیابی معلوم کرنا چاہے تو آپ دیکھیں کہ ساعت کا کونسا حصہ چل رہاہے۔ اگر پہلا حصہ ہے تو کامیابی آسانی سے ہوجائے گی۔ اگر درمیانی حصہ ہے تو کافی جدوجہد کے بعد ہوگی۔ اور اگر آخری حصہ ہے تو کامیابی نہیں ہوگی۔

اگر کوئی اس سلسلے میں وظیفے کا طالب ہو تو اسے بتائیں کہ گوشہ تنہائی میں بیٹھ کر ایک سانس میں "یا واسع" 137 مرتبہ پڑھنے کی کوشش کرے جوں ہی وہ ایسا کرے گا اسے مقصد میں کامیابی ہوجائے گی۔

17- گمشدہ:

اگر سوال کسی آدمی کے گم ہوجانے سے متعلق ہو تو جواب

یہ ہوگا کہ وہ گمشدہ مل جائے گا اور جلد مل جائے گا۔

اگر کسی چیز کے گم ہونے سے متعلق سوال ہو تو ساعت کے تین حصے کرلیں پہلے حصے میں سوال ہو تو چیز مل جائے گی مشرق کی سمت دیکھیں۔ اگر ساعت کا دوسرا حصہ ہو تو مغرب کی سمت موجود ہے۔ اگر آخری حصہ ہو تو چیز مغرب کی سمت ملے گی مگر کافی دردسری کے بعد۔ اس سلسلے میں بطور وظیفہ "یارقیب" 312 مرتبہ پڑھنا گمشدہ چیز کی تلاش میں سہولت کا باعث ہوگا۔

18- گریختہ:

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو تو جواب دیں کہ وہ مشرق کی سمت گیا ہے۔ اس کی واپسی میں کافی تاخیر ہوگی۔

اگر گریختہ کا پتہ نہ چلتا ہو تو ایک کاغذ سفید رنگ کا لیکر چاروں گوشوں پر "یارقیب یا شہید" لکھیں اور درمیان میں بھاگے ہوئے شخص کا نام مع والدہ لکھیں اور آدھی رات کو اس کاغذ کو آسمان کے نیچے رکھ دیں اور پھر "یارقیب یا شہید" 631 مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل زیادہ سے زیادہ 10 دن کریں گریختہ واپس آجائے گا۔

19- مقابلہ دشمن:

اگر کسی شخص کو اپنے سے قوی دشمن سے مقابلہ کرنا پڑے تو ایک مٹھی مٹی پر "واللہ عزیز ذوانتقام" 1464 مرتبہ پڑھ کر دم کرکے

دشمن کی طرف پھینک دیں دشمن خود ہی مغلوب ہوجائے گا۔ یہ سورہ آلعمران کی آیت 4 کا جزو ہے۔

20- نافرمان اولاد:

اگر کسی شخص کی اولاد نافرمان ہو تو اسے یہ نقش لکھ کر دیں کہ اولاد کو 11 دن پلائے یہ نقش سورۃ الفرقان کی آیت نمبر 74 سے ترتیب دیا گیا ہے۔

٧٨٦

٨)١١٥٠	١١)١١٥٣	١٤)١١٥٦	١)١١٤٢
١٣)١١٥٥	٢)١١٤٣	٧)١١٤٩	١٢)١١٥٤
٣)١١٤٤	١٦)١١٥٨	٩)١١٥١	٦)١١٤٨
١٠)١١٥٢	٥)١١٤٧	٤)١١٤٥	١٥)١١٥٧

21- منسوبی اسماء الحسنیٰ:

ساعت شمس سے منسوب اسماء الحسنیٰ کی مکمل فہرست ہم یہاں دے رہے ہیں یہ آپ کو کسی کتاب میں نہیں ملے گی۔ اسے کوئی صاحب کسی بھی صورت میں نقل نہ کریں۔ ورنہ قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ اسم کے آگے ان کے اعداد بھی ہم دے رہے ہیں تاکہ قارئین کو فیض حاصل کرنے میں دشواری نہ ہو۔

1- الرحمن 298   2- المتکبر 662
3- الخافض 1481   4- الحلیم 88
5- المقیت 550   6- الکریم 270
7- الرقیب 313   8- الواسع 137
9- الشہید 319   10- القوی 111
11- الولی 46   12- الحی 18
13- القادر 305   14- النور 256
15- الصبور 298

22- منسوبی سورتیں:

قرآن کریم کی جو سورتیں ساعت شمس سے منسوب ہیں انہیں بھی اب دے رہا ہوں۔ یہ راز بھی میرے سینے میں گزشتہ 25 برس سے تھا جسے اب آشکار کررہا ہوں۔ یہ چیزیں آپ کو کسی بھی بڑے سے بڑے عامل یا ولی اللہ یا قلندر کے پاس سے بھی حاصل نہ ہوں گی۔ مگر جب قدرت نے اشارہ دیا تو اس راز کو میں عوام الناس کے استفادہ کے لئے شائع کررہا ہوں۔ یہ کل 13 سورتیں ہیں جو ساعت شمس سے منسوب ہیں۔

1- آلعمران 2- فرقان 3- لقمان 4- سجدہ 5- مومن 6- رحمن 7- واقعہ 8- جمعہ 9- نوح 10- نبا 11- انفطار 12- قدر 13- فلق-

23- روحانی ترقی کا وظیفہ:

نماز فجر سے فراغت کے بعد " یا مقیت " 550 مرتبہ پڑھیں پھر سورۃ السجدہ ایک مرتبہ پڑھیں۔

عشاء کی نماز کے بعد 530 مرتبہ یا مقیت پڑھیں پھر سورہ مومن ایک مرتبہ غور کر کر کے پڑھیں۔ 40 دن عمل کریں دیکھیں کہ روحانی صلاحیت کس قدر پروان چڑھتی ہے۔

24۔ نقطہ مراقبہ:

حالت مراقبہ میں بیٹھیں۔ 10 مرتبہ گہرے سانس لیں اور چھوڑ دیں۔ پھر تصور کریں کہ آپ کا وجود نور کے غلاف میں لپٹا ہوا ہے۔ جب یہ کیفیت طاری ہوجائے تو یہ تفکر کریں کہ "جزا کا دن کیسا ہوگا۔" کم از کم 40 منٹ تک روزانہ یہ عمل کریں۔

ساعت قمر

قمر کی ساعت میں رزق سے متعلقہ تمام کاموں میں کامیابی ملتی ہے۔ سفر سے مالی فائدہ ہوتا ہے۔ کاموں میں جلد از جلد کامیابی مطلوب ہو تو کام کا آغاز ساعت قمر اور طالع سرطان میں کرنا چاہیے۔

1۔ امراض:

اگر ساعت قمر سعد ہو تو امراض جسمانی ہیں۔ امراض کی تفصیل گزشتہ اوراق میں ملاحظہ کریں۔ جسمانی امراض کے لئے قدرتی ادویات اور ہومیو پیتھی ادویات کی تفصیل یوں ہے۔

قدرتی ادویات:

لسان الحیہ، بند گوبھی، رادیہ، کتا گھاس، مرجانی پودا، کھیرا، گل بابونہ، سوسن، کاہو، رشاد، عود آبی، گل وفا، عود صلیب، ناشپاتی، پیٹھا، باقلا، گل شب بو، سداب، جرجیر، خشخاش، سفید گلاب، بتول، بید وغیرہ۔

ہومیو پیتھک ادویات:

یہ نام میں قارئین کی سہولت کے لئے انگریزی میں دے رہا ہوں۔

1- Erythronium Americanum

2- Brassica Oleracea Var Capitata

3- Stellaria Media

4- Salvia Sclarea

5- Galium Aparine

6- Cucumis Sativus

7- Bellis Perennis

8- Lris Spp

9- Lectuca Spp

10- Convallaria Majalis

11- Lythrum Salicaria

12- Mercurialis Annuo

13- Hieracium Piloselia

14- Ligustrum Vulgare

15- Cucurbita Pepo

16- Portulaca Oleracea

17- Cheiranthus Chairl

18- Nasturtium Officinele

19- Nymphaea Spp

20- Gaultheria Procumbens

21- Salix Spp

ان ادویات میں سے جن کی ضرورت ہو کسی ماہر ہومیوپیتھی سے مشورے کے بعد ہی استعمال کریں تاکہ مرض اور مریض کا صحیح علاج ہوسکے۔

○ اگر قمر کی ساعت نحس ہو تو روحانی ہے۔ اسے جن کی نظر لگ گئی ہے۔ دماغ اور دل میں تکلیف، پٹھوں میں کھچاؤ ہوتا ہے۔ بغض وحسد اور سحر بھی ہے۔ پیاس زیادہ لگتی ہے۔ اور حالت متغیر ہوجاتی ہے۔

روحانی علاج:

○ اَلَمّٓ ○ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ نیز اگر پلانے کا سوال ہو تو 71 مرتبہ زعفران سے لکھ کر پینے کے لئے دیں۔

○ یٓسٓ ○ لکھ کر گلے میں ڈالنے سے بھی مرض جاتا رہتا ہے۔

○ یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈال دیں یا پینے کے لئے دیں تو مسلسل 2 ہفتوں کے استعمال سے مکمل شفاء ہوجائے گی۔ یہ نقش سورۃ یونس کی آیت 57 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نقش بادی چال سے پر کریں۔

۷۸۶

۱۴۳۶	۱۴۴۲	۱۴۴۱
۱۴۴۴	۱۴۴۰	۱۴۳۵
۱۴۳۹	۱۴۳۷	۱۴۴۳

○ ایک اور نقش دے رہا ہوں اسے لکھ کر گلے میں بھی ڈالا جائے اور پلایا بھی جائے تو تین ہفتوں میں مکمل آرام آجائے گا۔ یہ نقش سورۃ الحشر کی آیت 22 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۱۵۹	۱۱۶۵	۱۱۶۳
۱۱۶۷	۱۱۶۲	۱۱۵۸
۱۱۶۱	۱۱۶۰	۱۱۶۶

2- تسخیر:

اگر کوئی شخص افسران، حکام یا اعلیٰ طبقہ کے افراد کی تسخیر کے لئے نقش کا طالب ہو تو ساعت قمر میں جب طالع سرطان ہو تو نقش لکھ کردیں۔ یہ نقش اسم الٰہی الرافع، الصمد اور الذوالجلال والاکرام" سے ترتیب دیا گیا ہے۔ جس کے پاس یہ نقش ہوگا اس کی ہر جگہ عزت کی جائے گی۔ بلند مرتبہ حاصل ہوگا اور رعب و دبدبہ قائم ہوگا۔ یہ نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۵۳۲	۵۲۳	۵۲۹
۵۲۶	۵۲۸	۵۳۱
۵۲۷	۵۳۳	۵۲۵

3- تحفظ:

اگر کوئی شخص ساعت قمر میں اس نقش کو سفید رنگ کے کاغذ پر لکھ کر پاس رکھے تو ہر طرح کا تحفظ حاصل ہوگا، یہ نقش سورۃ المائدہ کی آیت 120، سورۃ الشعرا کی آیت 1، سورۃ النمل کی آیت 1، سورۃ الزمر آیت نمبر 36 کے جزو سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نقش بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶	۱۶۶۲	۱۶۶۰
۱۶۶۴	۱۶۵۹	۱۶۵۵
۱۶۵۸	۱۶۵۷	۱۶۶۳

4- تجارت:

اگر کوئی ساعت قمر میں خرید وفروخت سے متعلق سوال کرے تو اس سے کہیں کہ خریدوفرخت سے فائدہ ہوگا بشرطیکہ ساعت سعد ہو۔ اگر ساعت نحس ہو تو کوئی فائدہ نہیں ہوگا بلکہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ اگر تجارت میں ترقی و برکت کے لئے نقش کا سوال کرے تو یہ نقش لکھ کر دیں۔ یہ نقش سورۃ المائدہ کی آیت 113، سورۃ المومنون کی آیت 1، سورۃ الشعرا آیت 85، سورۃ النمل آیت 36 کے جزو، سورۃ الفاطر کی آیت 29 سے بنایا گیا ہے۔ بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۳۸۹۶	۳۹۰۲	۳۹۰۰
۳۹۰۴	۳۸۹۹	۳۸۹۵
۳۸۹۸	۳۸۹۷	۳۹۰۳

5۔ چوری:

اگر کوئی چور کے متعلق پوچھے تو بتائیں کہ چور کی زبان فصیح ہے۔ چہرے یا آنکھ پر کوئی نشان ہے۔

ساعت کے دو حصے کریں اول حصے میں سوال ہو تو چور مرد اور دوسرے حصے میں ہو تو چور عورت ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ چوری شدہ چیز ملے گی یا نہیں۔ تو سعد ہو تو ملنے کا امکان ہے اور نحس ہو تو نہیں ملے گی۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ ایسی کوئی چیز دی جائے کہ چور ہاتھ آجائے یا چوری شدہ چیز مل جائے تو سفید کاغذ پر نیلی سیاہی سے یہ طلسم لکھ کر دیں۔ اور کہیں کہ ایسی جگہ دفن کردیں جہاں نمی رہتی ہو۔ ایک سے سات دن میں مال مل جائے گا ورنہ اس نہیں رکھنی چاہیے۔ طلسم یہ ہے۔

حن حن مش مش طش طش
۵۸۳۳۳۹ ......

6۔ حمل / اولاد:

اگر سوال حاملہ کے متعلق ہو کہ حاملہ کیا جنے گی اگر ساعت سعد ہو اور اول حصے میں ہو تو لڑکا اور آخری حصے میں سوال ہو تو لڑکی ہو گی۔

اگر ساعت نحس ہو تو عورت کے پیٹ میں یا رحم میں نقص ہے۔ بعض حالات میں کوکھ کی بندش بھی ہوتی ہے۔

اگر اس سلسلے میں کوئی نقش کا طالب ہو تو یہ نقش لکھ کر آٹھ دن پلائیں اور گلے میں بھی ڈال دیں۔ یہ نقش سورۃ الطارق کی آیت 8 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نقش آبی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۶)۱۹۲	۹)۱۹۵	۱۶)۲۰۳	۳)۱۸۹
۱۵)۲۰۲	۴)۱۹۰	۵) ۱۹۱	۱۰)۱۹۶
۱)۱۸۷	۱۴)۲۰۱	۱۱)۱۹۷	۸)۱۹۴
۱۲)۱۹۸	۷)۱۹۳	۲)۱۸۸	۱۳)۲۰۰

7۔ دفینہ:

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ اس گھر میں یا کاروبار کی جگہ میں کوئی دفینہ ہے تو اول حصہ ہو تو کہو کہ ہے۔ اگر آخری حصہ ہو تو دفینہ نہیں بلکہ تعویذ وغیرہ جادو کے لئے دفن کیا گیا ہے۔ جانور کا صدقہ دیں۔ اگر جادو کے اثرات کو باطل کرنے کے لئے نقش طلب کرے تو سورۃ النور کی آیت 29 سے تیار کردہ یہ نقش خاکی چال سے لکھ کردیں کہ جہاں شک ہو وہاں دبا دے۔

۷۸۶

۵۶۲	۵۶۷	۵۵۹
۵۶۰	۵۶۳	۵۶۵
۵۶۶	۵۵۸	۵۶۴

8 ۔ زراعت:

اگر کوئی شخص ساعت قمر میں یہ سوال کرے کہ زراعت یا باغبانی کرنا کیسا ہے تو اگر سعد ساعت ہو تو بہت ہی مبارک ہے اور اگر نحس ہو تو فی الوقت ٹھہر جانا چاہیے۔ اگر اس سلسلے میں مزید بہتری کے لئے نقش یا

تعویذ طلب کرے تو اسم الہیٰ " الباقی " 98 مرتبہ لکھ کر لٹکانے کے لئے دیں۔

9۔ سفر:

اگر سائل سفر کے متعلق سوال کرے تو ساعت کے دو حصے کرلیں۔ پہلے حصے میں جواب ہوگا کہ سفر کرنا بہتر ہے سفر سے فائدہ ہوگا۔ دوسرے حصے میں سوال ہو تو سفر نہ کرنے کا مشورہ دیں۔

اگر اس سلسلے میں تعویذ کی ضرورت ہو کہ سفر میں حفاظت رہے اور سہولت پیدا ہو تو سورہ یونس آیت 22 کے جزو سے تیار کردہ یہ نقش لکھ کر استعمال کروائیں۔ سفر خیریت سے گزرے گا۔ نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۵۵۳	۱۵۳۵	۱۵۵۱
۱۵۳۷	۱۵۵۰	۱۵۵۲
۱۵۳۹	۱۵۵۴	۱۵۳۶

10۔ شکار:

اگر کوئی شخص شکار کے متعلق سوال کرے تو سعد ساعت میں شکار ملنے کا امکان ہے۔ اور نحس ساعت میں شکار نہیں ملے گا۔ شکار میں کامیابی کے لئے یہ طلسم لکھ کر دیں۔

یا مُحوش یا طیطا

۱۵۲۷

11۔ شراکت:

اگر اس ساعت میں کوئی سوال کرے کہ شراکت کیسی رہے گی تو جواب ہوگا کہ جذبات میں آکر شراکت مت کرو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اگر شراکت پہلے سے ہو چکی ہو اور اس میں کامیابی مطلوب ہو تو سورہ یونس کی آیت 85 سے تیار کردہ یہ نقش لکھ کر پاس رکھنے کو دیں۔ نقش خاکی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۵)۹۸۰	۴)۹۷۹	۱۵)۹۹۱	۱۰)۹۸۶
۱۶)۹۹۲	۹)۹۸۵	۶)۹۸۱	۳)۹۷۸
۲)۹۷۷	۷)۹۸۲	۱۲)۹۸۸	۱۳)۹۸۹
۱۱)۹۸۷	۱۴)۹۹۰	۱)۹۷۶	۸)۹۸۳

12۔ شادی:

اگر شادی سے متعلق کوئی سوال کرے کہ شادی ہوگی یا نہیں تو ساعت کو دو حصوں میں تقسیم کرلیں اگر سوال پہلے حصے میں ہو تو شادی سات ہفتے سے سات ماہ کے درمیان ہوجائے گی اور اچھی رہے گی۔ اگر دوسرے حصے میں سوال ہو تو شادی ہوگی مگر کچھ تاخیر سے اور بیوی کا انتقال جلدی ہوجائے گا۔

اگر کسی کی شادی نہ ہوتی ہو تو سورۃ النور کی آیت 36 سے تیار کردہ یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ 42 دن میں

رشتہ ہوجائے گا یا شادی ہوجائے گی۔ نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۵۶۲	۱۵۵۵	۱۵۶۰
۱۵۵۷	۱۵۵۹	۱۵۶۱
۱۵۵۸	۱۵۶۳	۱۵۵۶

13۔ عروج و ترقی:

اگر کوئی شخص یہ سوال کرے کہ اسے زندگی میں عروج ملے گا یا نہیں۔ اس کی ترقی ہوگی یا نہیں تو اگر قمر کی سعد ساعت ہو تو عروج و ترقی ملے گی ورنہ نہیں۔ اس سلسلے میں نقش پاس رکھنا نہایت عمدہ ہے۔ سورۃ الغاشیہ کی آیت نمبر 8 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نقش آبی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۶)۳۳۴	۹)۳۳۷	۱۶)۳۴۵	۳)۳۳۱
۱۵)۳۴۴	۴)۳۳۲	۵)۳۳۳	۱۰)۳۳۸
۱)۳۲۹	۱۴)۳۴۳	۱۱)۳۳۹	۸)۳۳۶
۱۲)۳۴۰	۷)۳۳۵	۲)۳۳۰	۱۳)۳۴۲

14۔ غلبہ:

اگر دو اشخاص میں غالب و مغلوب معلوم کرنا ہو تو جواب

ہوگا کہ مطلوب غالب ہوگا۔ یا مشرق کی سمت رہنے والا غالب ہوگا۔

اگر دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے نقش کی ضرورت ہو تو سورۃ النمل کی 78 ویں آیت سے یہ نقش بنایا گیا ہے۔ نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۵۷۰	۵۶۳	۵۶۸
۵۶۵	۵۶۷	۵۶۹
۵۶۶	۵۷۱	۵۶۴

15 غائب:

اگر سوال غائب کے متعلق ہو تو جواب ہوگا کہ وہ بہت جلد آئے گا۔ ایک سے سات دن میں آئے گا اگر نہ آیا تو سات ماہ میں آئے گا۔ اگر ساعت نحس ہو تو غائب کبھی واپس نہیں آئے گا۔ اس سلسلے میں نقش کی ضرورت ہو تو سورۃ النور کی آیت 64 سے ترتیب دیا جانے والا یہ نقش لکھ کر دیں کہ لٹکا دے۔ یہ نقش بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۴۲۹	۱۴۳۵	۱۴۳۴
۱۴۳۷	۱۴۳۳	۱۴۲۸
۱۴۳۲	۱۴۳۰	۱۴۳۶

16- کام یا مقصد میں کامیابی:

اگر سائل کسی کام یا مقصد میں کامیابی معلوم کرنا چاہے تو ساعت کے تین حصے کرلیں اگر اس نے پہلے حصے میں سوال کیا ہو تو کامیابی ہوگی اور کوئی پریشانی نہ ہوگی۔ دوسرے حصہ میں سوال ہو تو کامیابی کبھی نہ ہوگی۔ اور اگر ساعت کا تیسرا حصہ چل رہا ہو تو کافی دردسری کے بعد کامیابی ہوگی۔

اگر کوئی اس سلسلے میں وظیفے کا طالب ہو تو اسے بتائیں کہ رات کی تنہائی میں بیٹھ کر "یا کبیر" 232 مرتبہ پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ سات دن میں کام ہوجائے گا۔

17- گمشدہ:

اگر سوال کسی گمشدہ چیز کے متعلق ہو تو بتائیں کہ اس کے ملنے کا امکان نہیں ہے۔ اگر اس سلسلے میں وظیفے کا طالب ہو تو اسے کہیں کہ ساعت قمر میں "یا بصیر" 302 مرتبہ پڑھے شاید کہ چیز مل جائے۔

18- گریختہ:

اگر کسی گمشدہ یا مفرور کا پتہ چلانا ہو تو ساعت کے دو حصے کرلیں۔ اول حصہ ہو تو گمشدہ یا مفرور شخص اسی شہر میں مغرب کی سمت ہے۔ سات دن سے ایک ماہ میں مل جائے گا۔ اگر آخری حصہ ہو تو جواب دیں کہ نہیں ملے گا۔

اگر گریختہ کا پتہ نہ چلتا ہو تو سفید رنگ کے کاغذ کے چاروں گوشوں پر یا محصی لکھ کر روزانہ کھلے آسمان کے نیچے رکھیں اور روزانہ 148 مرتبہ "یا محصی" پڑھیں۔ یہ عمل زیادہ سے زیادہ 28 دن کریں انشاء اللہ گریختہ واپس آجائے گا۔

19- مقابلہ دشمن:

جب کسی شخص کا اپنے سے قوی دشمن سے واسطہ پڑجائے تو ایک مٹھی خاک پر سورہ الفیل 63 مرتبہ پڑھ کر دم کرکے دشمن کی طرف پھینک دیں دشمن خود ہی دفع ہوجائے گا۔

20- نافرمان اولاد:

اگر کسی شخص کی اولاد نافرمان ہو تو اسے یہ نقش لکھ کر دیں کہ اولاد کو 22 دن پلادیں۔ یہ نقش سورۃ ابراہیم کی آیت 1 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اسے خاکی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۷۲۸	۱۷۳۴	۱۷۲۶
۱۷۲۷	۱۷۲۹	۱۷۳۲
۱۷۳۳	۱۷۲۵	۱۷۳۰

21- منسوبی اسماء الحسنیٰ:

ساعت قمر سے منسوب اسماء الحسنیٰ کی مکمل فہرست ہم یہاں دے رہے ہیں۔ یہ آپ کو کسی کتاب میں نہیں ملے گی۔ اسے کوئی

صاحب کسی بھی صورت میں بلا اجازت نقل نہ کریں ورنہ قانونی مواخذہ کے خود ہی ذمہ دار ہوں گے۔ اسم کے آگے ان کے اعداد بھی دے رہا ہوں تاکہ قارئین کو مستفیض ہونے میں دشواری نہ ہو۔

1- الرافع 351 ، 2- البصیر 302 ، 3- الشکور 526 ، 4- الکبیر 232 ،

5- الحکیم 47 ، 6- المجید 57 ، 7- المحصی 58 ، 8- الصمد 134 ، 9- ذوالجلال والاکرام 1100 ، 10- المغنی 1100 ، 11- الباقی 113 ۔

22- منسوبی سورتیں:

قرآن حکیم کی جو سورتیں ساعت قمر سے منسوب ہیں انہیں بھی اب دے رہا ہوں۔ یہ القائی راز ہے جسے آشکار کررہا ہوں۔ یہ چیزیں آپ کو کسی بھی بڑے سے بڑے عامل یا ولی اللہ یا قلندر کے پاس سے بھی حاصل نہ ہوں گی۔ لیکن اب جو قدرت نے مجھے اشارہ دیا ہے تو عوام الناس کے فیض کے لئے شائع کررہا ہوں۔ یہ کل 23 سورتیں ہیں جو ساعت قمر سے منسوب ہیں۔

1- مائدہ ، 2- یونس ، 3- ابراہیم ، 4- بنی اسرائیل ، 5- مومنون ، -6- نور ، 7- شعرا ، 8- نمل ، 9- عنکبوت ، 10- فاطر ، 11- زمر ، 12- محمد ، 13- حجرات ، 14- حشر ، 15- قلم ،

16- جن ، 17- مزمل ، 18- مطففین ، 19- طارق ، 20- غاشیہ ، 21- علق ، 22 -فیل ، 23 - کافرون

23 - روحانی ترقی کا وظیفہ:

نماز فجر سے فراغت کے بعد یابصیر 302 مرتبہ پڑھیں۔ پھر سورہ یونس 1 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

نماز مغرب کے بعد 302 مرتبہ یابصیر پڑھیں پھر سورہ مزمل ایک مرتبہ پڑھیں۔ نماز عشاء کے بعد 302 مرتبہ یابصیر پڑھیں سورہ کافرون ایک مرتبہ پڑھیں۔

40 دن عمل کرکے دیکھیں کہ روحانی صلاحیت حیرت انگیز طور پر کس قدر بڑھ جائے گی۔

24 - نقطہ مراقبہ:

حالت مراقبہ میں بیٹھیں۔ 10 مرتبہ گہرے گہرے سانس لیں اور چھوڑ دیں۔ پھر یہ تصور کریں کہ آپ کا وجود نور کے غلاف میں لپٹا ہوا ہے۔ جب یہ تصور قائم ہو جائے تو یہ تفکر کریں کہ "سجین کیا ہے" کم از کم 10 منٹ تک روزانہ یہ عمل کریں۔

یہاں ساعت قمر کا سلسلہ مکمل ہوا۔

ساعت عطارد

عطارد کی ساعت میں علم و بصیرت کے تمام کاموں میں کامیابی ملتی ہے۔ تجارت سے فائدہ ہوتا ہے۔ دفینہ کا پتہ چل جاتا ہے۔ ہر قسم کی ادویات سے فائدہ ہوتا ہے۔ لباس اور مویشیوں کی فروخت سے فائدہ ہوتا ہے۔ نشرواشاعت کے کاموں کے لئے ساعت عطارد اور طالع جوزا میں آغاز کریں۔

1۔ امراض:

اگر ساعت عطارد سعد ہو تو امراض جسمانی ہیں۔ امراض کی تفصیل گزشتہ صفحات میں ملاحظہ کریں۔ جسمانی امراض کے لئے قدرتی ادویات اور ہومیوپیتھی ادویات کی تفصیل یوں ہے۔

قدرتی ادویات:

گاجر، سبزہ مرجانی، سویا۔ زنجبیل شامی، کاسنی، سولف، گل خنو، لہسن کوہی، اسطو خودوس، ملیٹھی، سرخس، نعاح، بالچھڑ، مردا توت، مہندی، زیتون، اجمود، چولائی کا ساگ، بلی لوئن، خوشبو دار پودینہ وغیرہ۔

ہومیوپیتھک ادویات:

یہ نام میں قارئین کی سہولت کے لئے انگریزی میں دے رہا ہوں۔

-1 Carum Carvi

-2 Daucus Carota

-3 Anethum Graveolens

-4 Inula Helenium

-5 Cichorium Endivia

-6 Pteridium Aquilinum

-7 Osmunda Regalis

-8 Osmunda Cinnamomea

-9 Polypodium Vulgare

-10 Dryopteris Filixmas

11- Adiantum Pedatum

12- Foeniculum Vulgare

13- Corylus Americana

14- Marrubium Vulgare

15- Cynoglossum Officinale

16- Lavandula Officinale

17- Convallaria Majalis

18- Podophyllum Peltatum
19- Marjorana Hortensis

20- Origanum Vulgare

21- Morus Rubra

22- Avene Sativa

23- Olea Europaea

24- Petroselinum Sativum

25- Artemisia Abronatum

26- Stellaria Medie

27- Valeriana Officinalis

28- Satureja Montana

o اگر ساعت عطارد نحس ہو تو مریض پر سحر (جادو) ہے۔ سحر کی وجہ سے جسمانی حالت کمزور ہے اور ذہنی صلاحیتیں بھی مفلوج ہیں پشت و پیٹ میں تکلیف ہوتی ہے۔ خواب گاہ میں مرض میں اضافہ ہوتا ہے۔ بدن میں درد رہتا ہے۔

o بعض مریضوں کو جناتی اثر بھی ہوتا ہے۔ جس کی وجہ

سے مریض کے سانس کی رفتار بگڑ جاتی ہے۔ مریض ڈرتا ہے دیوانگی یا مرگی جیسی کیفیت ہوجاتی ہے۔

روحانی علاج:

o الٓمّٓرٰ o لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ نیز اگر پینے کا سوال ہو تو 271 مرتبہ زعفران سے لکھ کر پینے کو دیں۔

o طٰسٓمٓ o لکھ کر گلے میں ڈالنے سے مرض جاتا رہتا ہے۔

o یٰسٓ o لکھ کر گلے میں ڈال دیں یا پینے کے لئے دیں تو مسلسل 16 دن کے استعمال سے مکمل شفاء ہوگی۔ یہ نقش سورۃ القصص کی آیت نمبر 2 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نقش آبی چال سے پر کریں۔ کسر 1 کی وجہ سے خانہ 7 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۳۸۳	۳۸۵	۳۷۹
۳۷۸	۳۸۲	۳۸۷
۳۸۶	۳۸۰	۳۸۱

o یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈال دیں تو بھی سحر کا اثر جاتا رہے گا۔ یہ سورہ یٰسٓ کی آیت 2 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ کسر ۲ کی وجہ سے خانہ 4 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۶۹	۱۶۱	۱۶۷
۱۶۳	۱۶۶	۱۶۸
۱۶۵	۱۷۰	۱۶۲

○ اگر جناتی اثر ہو تو یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ یہ نقش سورہ یٰسٓ کی آیت 58 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ کسر 1 کی وجہ سے خانہ 7 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۲۷۶	۲۶۸	۲۷۳
۲۷۰	۲۷۲	۲۷۵
۲۷۱	۲۷۷	۲۶۹

○ جناتی اثر سے نجات کے لئے یہ نقش بھی موثر ہے۔ پینے کو دیں۔ یہ نقش سورہ صافات کی آیت 79 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔ کسر 3 کی وجہ سے خانہ 5 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۶	۱۵۹	۱۶۲	۱۴۸
۱۶۱	۱۴۹	۱۵۵	۱۶۰
۱۵۰	۱۶۴	۱۵۷	۱۵۴
۱۵۸	۱۵۳	۱۵۱	۱۶۳

○ دفع سحر کے لئے یہ نقش لکھ کر 21 دن پلائیں یہ نقش سورہ صافات کی آیت 109 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۶۳	۱۶۸	۱۶۷
۱۷۰	۱۶۶	۱۶۲
۱۶۵	۱۶۴	۱۶۹

2۔ تسخیر:

اگر آپ تسخیر عام چاہتے ہوں تاکہ افسران، حکام، احباب، سوشل سرکل کے افراد سب آپ کے رعب و دبدبے کے زیر اثر رہیں اور آپ کا احترام کریں تو عطارد کی سعد ساعت میں یہ نقش لکھ کر پاس رکھیں یہ نقش اسماء الحسنیٰ "القدوس، المقتدر، المقدم، المالک الملک اور البدیع سے ترتیب دیا گیا ہے یہ نقش خاکی چال سے پر کیا گیا ہے۔ کسر 1 کی وجہ سے خانہ 7 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۴۸۸	۴۹۴	۴۸۶
۴۸۷	۴۸۹	۴۹۲
۴۹۳	۴۸۵	۴۹۰

3۔ تحفظ:

اگر کوئی شخص ساعت عطارد میں اس نقش کو ٹین یا پلاٹینم پر لکھ کر پاس رکھے تو اسے تحفظ حاصل ہوگا۔ یہ نقش سورۃ القصص کی آیت 35 ، سورۃ الصافات کی آیت 6 11 ,173 ,172 ، سورۃ المجادلہ کی آیت 22 اور سورۃ البروج کی آیت 8 کے اعداد سے ترتیب دیا گیا ہے۔ یہ نقش بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۵۵۷۵	۵۵۸۰	۵۵۶۹	۵۵۷۰
۵۵۷۳	۵۵۶۶	۵۵۷۹	۵۵۷۶
۵۵۷۸	۵۵۷۷	۵۵۷۲	۵۵۶۷
۵۵۶۸	۵۵۷۱	۵۵۷۴	۵۵۸۱

4۔ تجارت:

اگر کوئی ساعت عطارد میں خرید و فروخت سے متعلق سوال کرے تو نحس ساعت ہو تو فائدہ نہ ہوگا اگر سعد ساعت ہو اور ساعت کا اول حصہ ہو تو فائدہ ہوگا۔ درمیانی ہو تو کافی درد سری کے بعد کچھ فائدہ ہوگا اور آخری حصہ ہو تو کامیابی و فائدہ ہوگا۔

نقش کا سوال ہو تو یہ نقش لکھ کر دیں یہ نقش سورۃ الرعد کی آیت 26 ، سورۃ الطلاق کی آیت 3 ، آیت 7 اور آیت 11 کے جزو اور سورۃ الضحیٰ کی آیت 8 کے اعداد سے ترتیب دیا گیا

ہے۔ اس نقش کو سبز رنگ کے کاغذ پر خاکی چال سے پر کر کے پاس رکھیں۔ کسر 2 کی وجہ سے خانہ 9 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۳۷۵۴	۳۷۵۳	۳۷۶۵	۳۷۶۰
۳۷۶۶	۳۷۵۹	۳۷۵۵	۳۷۵۲
۳۷۵۱	۳۷۵۶	۳۷۶۲	۳۷۶۳
۳۷۶۱	۳۷۶۴	۳۷۵۰	۳۷۵۷

5۔ چوری:

اگر کوئی چور کے متعلق سوال کرے تو ساعت کا اول حصہ ہو تو چور کمزور جسم کا مالک اور اس کی ناک پر نشان ہے۔ قد چھوٹا ہے۔ استاد یا طالب علم ہے۔ اگر آخری حصہ ساعت ہو تو جاذب اور پر کشش آدمی ہے لیکن بد خلق اور خراب عادت کا مالک ہے۔

چوری شدہ مال زمین کے اندر دفن ہے یا کہیں معلق ہے۔

اگر اس سلسلے میں طلسم کی ضرورت ہو تو طلسم لکھ کر دیں کہ اسے لکھ کر لٹکا دو۔

کلطت ۸۱ ونت ۲۲ تحح ۴۹ قحش

6۔ حمل / اولاد:

اگر کوئی سوال کرے کہ حاملہ کیا جنے گی تو جواب دو کہ جڑواں

لڑکا یا لڑکی جنے گی۔ اگر ساعت نحس ہو تو عورت کے پیٹ میں ہوائے جنی ہے۔

اگر اس سلسلے میں کوئی نقش کا طالب ہو تو یہ نقش لکھ کر پلانے اور گلے میں ڈالنے کے لئے دیں تاکہ حمل کی حفاظت بھی رہے اور ولادت میں تکلیف بھی نہ ہو۔ یہ نقش سورہ الرعد کی آیت 8 ، سورہ یٰس کی آیت 82 سورۃ الصافات کی آیت 100 اور 101 کے اعداد سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس نقش کو آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔ کسر 2 کی وجہ سے خانہ 4 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ اسے نیلے رنگ کے کاغذ پر لکھیں۔

۷۸۶

۳۱۹۳	۳۱۸۵	۳۱۹۱
۳۱۸۷	۳۱۹۰	۳۱۹۲
۳۱۸۹	۳۱۹۴	۳۱۸۶

7۔ دفین:

اگر کوئی دفینہ کے متعلق سوال کرے۔ ساعت کا اول حصہ ہو تو جواب ہوگا کہ دفینہ ہے لیکن مال نہیں بلکہ سحر یا طلسم ہے۔ سوال ساعت کے آخری حصہ میں ہو تو جواب ہوگا کہ دفینہ ہے مگر ملنا مشکل ہے۔

اگر جادو کے اثرات کو باطل کرنے کے لئے نقش طلب کرے تو یہ نقش لکھ کر دیں تاکہ وہاں دبا دے یا لٹکا دے۔ یہ

نقش سورۃ الطلاق کی آیت 12 ، سورۃ البروج کی آیت 9 ، 21 اور 22 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ کسر 2 کی وجہ سے خانہ 9 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ نقش خاکی چال سے پر کیا گیا ہے۔ اسے سبز رنگ کے کاغذ پر لکھیں۔

۷۸۶

۲۹۸۹	۲۹۸۸	۳۰۰۰	۲۹۹۵
۳۰۰۱	۲۹۹۴	۲۹۹۰	۲۹۸۷
۲۹۸۶	۲۹۹۱	۲۹۹۷	۲۹۹۸
۲۹۹۶	۲۹۹۹	۲۹۸۵	۲۹۹۲

8۔ زراعت:

اگر کوئی ساعت عطارد میں یہ سوال کرے کہ زراعت یا باغبانی کرنا کیسا رہے گا تو اگر سعد ساعت ہو تو اچھا رہے گا اور نحس ہو تو اچھا نہیں رہے گا۔ اگر اس سلسلے میں کوئی نقش طلب کرے تو اسے یہ نقش لکھ کر لٹکانے کے لئے دیں۔

یہ نقش سورہ یٰسٓ کی آیت 33 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اسے ہرن کی جھلی پر لکھیں۔ بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔

۷۸۶

۹۳۹	۹۴۴	۹۳۳	۹۳۴
۹۳۷	۹۳۰	۹۴۳	۹۴۰
۹۴۲	۹۴۱	۹۳۶	۹۳۱
۹۳۲	۹۳۵	۹۳۸	۹۴۵

9۔ سفر:

اگر سوال سفر کے متعلق ہو کہ آبی جہاز سے ہوگا یا نہیں تو جواب نفی میں ہوگا۔ اگر سعد ساعت ہو تو خشکی کا سفر اور ہوائی سفر ہوگا۔ اگر ساعت نحس ہو تو جواب ہوگا کہ 2 ہفتہ یا پانچ ہفتے یا پانچ ماہ بعد سفر ہوگا۔

اگر سفر میں حفاظت کے لئے کوئی نقش طلب کرے تو اسے یہ نقش لکھ کر پاس رکھنے کو دیں۔

یہ نقش سورہ یٰسٓ کی آیت 72 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اسے ہرن کی جھلی پر لکھیں۔ یہ مربع آبی چال سے ترتیب دیا گیا ہے۔ کسر 1 کی وجہ سے خانہ 13 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۳۸۸	۳۹۱	۳۹۹	۳۸۵
۳۹۸	۳۸۶	۳۸۷	۳۹۲
۳۸۳	۳۹۷	۳۹۳	۳۹۰
۳۹۴	۳۸۹	۳۸۴	۳۹۶

10۔ شکار: اگر کوئی شکار کے متعلق سوال کرے تو سعد ساعت میں شکار ملنے کا امکان ہے اور نحس میں شکار نہیں ملے گا۔ اگر شکار میں کامیابی کیلئے کوئی طلسم طلب کرے تو یہ طلسم لکھ کر دیں۔

مکتوب
۷۹۵
۲۷۴۵۲۱

11۔ شراکت:

اگر ساعت عطارد میں سوال شراکت سے متعلق ہو تو سعد ساعت ہو تو شراکت بہتر ہوگی اور ساعت نحس ہو تو شراکت اچھی نہیں رہے گی۔ اگر شراکت میں کامیابی کے لئے کوئی شخص نقش کا طالب ہو تو اسے سورہ الرعد کی آیت 29 سے ترتیب دیا جانے والا یہ نقش لکھ کر پاس رکھنے کو دیں۔

۷۸۶

۲)۶۲۰	۷)۶۲۶	۶)۶۲۴
۹)۶۲۸	۵)۶۲۳	۱)۶۱۹
۴)۶۲۲	۳)۶۲۱	۸)۶۲۷

12۔ شادی: اگر عطارد کی ساعت میں نکاح کا سوال ہو اور ساعت کا پہلا حصہ ہو تو نکاح ہوگا مگر کم از کم 5 ماہ بعد اور اگر دوسرا حصہ ہو تو شادی کے لئے کسی بزرگ کی مدد لینے کی ضرورت ہوگی۔ اگر ساعت نحس ہو تو نکاح نہیں ہوگا۔ رکاوٹ یا بندش ہے۔ اگر شادی کے لئے نقش کی ضرورت ہو تو یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

یہ نقش سورہ الصافات کی آیت 48 سے ترتیب دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۶)۴۷۳	۷)۴۷۴	۲)۴۶۸
۱)۴۶۷	۵)۴۷۲	۹)۴۷۶
۸)۴۷۵	۳)۴۶۹	۴)۴۷۱

13- عروج و ترقی:

اگر سائل ساعت عطارد میں سوال کرے کہ اسے عروج و ترقی ملے گی یا نہیں تو سعد ساعت میں جواب اثبات میں دیں اور نحس ساعت میں منفی میں۔

عروج و ترقی کے لئے یہ نقش پاس رکھیں عمدہ ہے اسے سورہ الصافات کی آیات 120 اور 130 سے ترتیب دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۸) ۲۵۶	۱۱) ۲۵۹	۱۴) ۲۶۲	۱) ۲۴۸
۱۳) ۲۶۱	۲) ۲۴۹	۷) ۲۵۵	۱۲) ۲۶۰
۳) ۲۵۰	۱۶) ۲۶۴	۹) ۲۵۷	۶) ۲۵۴
۱۰) ۲۵۸	۵) ۲۵۳	۴) ۲۵۱	۱۵) ۲۶۳

14- غلبہ:

اگر ساعت عطارد میں غالب و مغلوب کا سوال ہو تو جواب ہوگا کہ کوئی نہ غالب ہوگا اور نہ ہی کوئی مغلوب ہوگا۔ اس سلسلے میں تعویذ طلب کرے تو ساعت عطارد میں یہ نقش لکھ کر دیں۔ یہ نقش سورہ دھر کی آیت 11 سے ترتیب دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۲) ۱۲۴۳	۷) ۱۲۴۸	۶) ۱۲۴۷
۹) ۱۲۵۰	۵) ۱۲۴۶	۱) ۱۲۴۲
۴) ۱۲۴۵	۳) ۱۲۴۴	۸) ۱۲۴۹

15- غائب:

اگر ساعت عطارد میں غائب کے متعلق سوال ہو اور ساعت سعد ہو تو جواب ہوگا کہ غائب خیریت سے ہے اور عنقریب آجائے گا اور ساعت نحس ہو تو سائل مشکل میں ہے مگر آجائے گا۔ مدت پانچ دن 5 ماہ یا 5 سال ہو سکتی ہے۔ اس سلسلے میں نقش کی ضرورت ہو تو یہ نقش لکھ کر دیں۔ یہ نقش سورہ الرعد کی آیت 9 سے ترتیب دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۸) ۹۲۵	۱) ۹۱۷	۶) ۹۲۳
۳) ۹۱۹	۵) ۹۲۲	۷) ۹۲۴
۴) ۹۲۱	۹) ۹۲۶	۲) ۹۱۸

16- کام یا مقصد میں کامیابی:

اگر اس ساعت میں کوئی کامیابی کے متعلق سوال کرے اور ساعت سعد ہو تو کامیابی ہوگی۔ نحس ساعت ہو اور اول حصہ ہو تو کامیابی نہ ہوگی۔ درمیانی حصہ ہو تو کافی تکالیف کے بعد کامیابی ہوگی اور آخری حصہ ہو تو کامیابی ہوجائے گی۔ اس سلسلے میں نقش کی ضرورت ہو تو سورہ البروج کی آیات 15-16 سے ترتیب دیا جانے والا یہ نقش لکھ کر دیں۔

۷۸۶

۶) ۴۶۵	۹) ۴۶۸	۱۶) ۴۷۶	۳) ۴۶۲
۱۵) ۴۷۵	۴) ۴۶۳	۵) ۴۶۴	۱۰) ۴۶۹
۱) ۴۶۰	۱۴) ۴۷۳	۱۱) ۴۷۰	۸) ۴۶۷
۱۲) ۴۷۱	۷) ۴۶۶	۲) ۴۶۱	۱۳) ۴۷۲

17- گمشدہ:

اگر اس ساعت میں سوال گم شدہ سے متعلق ہو اور ساعت سعد ہو تو جواب ہوگا کہ کافی عرصے کے بعد واپسی ہوگی۔ اگر ساعت نحس ہو تو جواب ہوگا کہ واپس نہیں ہوگی۔ اس سلسلے میں سائل وظیفے کا طالب ہو تو اسے کہیں کہ "یا مقتدر یا بدیع" 830 مرتبہ پڑھے شاید کے گم شدہ جلد واپس آجائے۔

18- گریختہ:

اگر ساعت عطارد میں کسی مفرور شخص کے لئے سوال ہو اور سعد ساعت ہو تو مفرور کافی عرصے بعد ملے گا اور ساعت نحس ہو تو نہیں ملے گا۔ اگر کوئی نقش چاہے تو ساعت عطارد جب سعد ہو تو یہ نقش لکھ کر وزن کے نیچے دبانے کو دیں۔ یہ نقش سورہ الدھر کی آیت 30 سے ترتیب دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۱۰) ۴۲۲	۱۵) ۴۲۷	۴) ۴۱۶	۵) ۴۱۷
۸) ۴۲۰	۱) ۴۱۳	۱۴) ۴۲۶	۱۱) ۴۲۳
۱۳) ۴۲۵	۱۲) ۴۲۴	۷) ۴۱۹	۲) ۴۱۴
۳) ۴۱۵	۶) ۴۱۸	۹) ۴۲۱	۱۶) ۴۲۸

19- مقابلہ دشمن:

جب اپنے سے زیادہ طاقت ور دشمن سے واسطہ پڑے تو سورۃ الھب کو ایک مٹھی خاک پر 3 مرتبہ پڑھ کر دشمن کی طرف پھینک دے وہ دفع ہوجائے گا۔

20- نافرمان اولاد:۔

اگر کسی شخص کی اولاد نافرمان ہو اور اس ساعت میں نقش کا سوال ہو تو سورہ الرعد کی آیت 15 سے ترتیب دیا جانے والا یہ نقش لکھ کر پلانے کے لئے دیں۔ 15 دن صبح شام پلائیں۔

۷۸۶

۱۰) ۱۱۱۰	۱۵) ۱۱۱۵	۴) ۱۱۰۴	۵) ۱۱۰۵
۸) ۱۱۰۸	۱) ۱۱۰۱	۱۴) ۱۱۱۴	۱۱) ۱۱۱۱
۱۳) ۱۱۱۳	۱۲) ۱۱۱۲	۷) ۱۱۰۷	۲) ۱۱۰۲
۳) ۱۱۰۳	۶) ۱۰۶	۹) ۱۱۰۹	۱۶) ۱۱۱۶

21- منسوبی اسماء الحسنیٰ:

ساعت عطارد سے منسوب اسماء الحسنیٰ کی مکمل فہرست ہم

یہاں درج کررہے ہیں یہ آپ کو کسی کتاب میں نہیں ملے گی۔ اسے کوئی صاحب کسی بھی صورت میں بلا اجازت نقل نہ کریں۔ ورنہ قانونی مواخذہ کا خود ذمہ دار ہوگا۔ اسماء الحسنیٰ کے ہر اسم کے آگے ہم ان کے اعداد بھی دے رہے ہیں تاکہ قارئین کو استفادہ کرنے میں دشواری نہ ہو۔

1- القدوس 170 ، 2- الباسط 72 ، 3- الحفیظ 998 ، 4- القیوم 156 ، 5- المقتدر 744 ، 6- المقدم 184 ، 7- الاول 37 ، 8- العفو 156 ، 9- مالک الملک 212 ،

10- الجامع 114 ، 11- البدیع 86

22- منسوبی سورتیں:

قرآن الحکیم کی جو سورتیں ساعت عطارد سے منسوب ہیں انہیں بھی یہاں درج کررہا ہوں یہ وہ القائی راز ہے جو برسوں سے میرے قلب میں موجود ہے۔ اب قدرت کے اشارے پر قارئین کے لئے شائع کررہا ہوں۔ اسے آپ کسی بڑے سے بڑے عامل یا ولی یا قلندر کے پاس سے بھی حاصل نہیں کرسکیں گے۔ یہ 13 سورتیں ہیں جو ساعت عطارد سے منسوب ہیں۔

1- الرعد 2- القصص 3- الٓمٓ یٰس 4- الصافات 5- المجادلہ 6- المنافقون 7- الطلاق 8- القیامت 9- الدھر 10- البروج 11- 12- القریش 13- اللھب۔

روحانی ترقی کا وظیفہ:

o نماز فجر سے فراغت کے بعد 170 مرتبہ یا قدوس پڑھیں۔ پھر ایک مرتبہ سورہ طلاق پڑھیں۔

o نماز مغرب کے بعد یا باسط 72 مرتبہ پڑھیں۔

o نماز عشاء کے بعد یا مالک الملک 212 مرتبہ پڑھیں۔

40 دن عمل کریں۔ پھر دیکھیں کہ روحانی طاقت کیسے بڑھ جاتی ہے۔

نقطہ مراقبہ:

حالت مراقبہ میں بیٹھیں۔ 15 مرتبہ گہرے گہرے سانس لیں اور چھوڑ دیں۔ پھر یہ تصور کریں کہ آپ کا وجود سبز رنگ کی روشنی میں لپٹا ہوا ہے جو یہ تصور قائم ہوجائے تو اپنے قلب پر " الاول " زرد رنگ سے لکھا ہوا دیکھنے کی کوشش کریں۔ یہاں ساعت عطارد کا سلسلہ مکمل ہوا۔

ساعت زہرہ

زہرہ جمعہ کے دن پر حکمران ہے۔ زہرہ کی ساعت میں حُبِّ لوگوں کی موافقت، نکاح و منگنی، بچوں کی تعلیم، نیک کاموں کی ابتداء، مال فروخت کرنا، قبضہ لینا، گھر بنانا، نقل ومکانی کرنا، سفر کرنا بہتر ہوتا ہے۔ یہ سعد اصغر سیارہ ہے۔ طالع ثور اور میزان میں جب ساعت زہرہ ہو تو کام کا آغاز کریں۔

1- امراض:

اگر ساعت زہرہ سعد ہو تو امراض جسمانی ہیں۔ امراض کی تفصیل گزشتہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیں ۔ جسمانی امراض کے لئے قدرتی ادویات اور ہومیوپیتھی ادویات کی تفصیل یوں ہے۔

قدرتی ادویات:

حنا، حور رومی (توسہ)، انجلیق، لوبیا (باقلا)، توت سیاہ، شاہ دانہ، شاہ بلوط، مصری، چنا (نخور)، حشیشۃ السہال، دوب، گاؤزبان، شوکران آبی، اقطعی (بلسان) گل پنجہ علی، عصائے زریں کروندا، خطمی، پارہ، جنس نعناع، بابونہ، برنجاسف، اجمود، آڑو، ناشپاتی، آلوچہ، خشخاش، گلاب، قرنفل، اونٹ کٹارہ، سعتر، ساگوان، بنفشہ، گندم وغیرہ۔

ہومیوپیتھک ادویات:

ہومیوپیتھک ادویات کے نام قارئین کی سہولت کے لئے انگریزی میں درج کررہا ہوں۔

1- Al Kamna Tinctoria

2- Alnus Glutinosa

3- Cynara Scolymus

4- Vicia Faloa

5- Phaseolus Vulgaris

6- Phaseolus Limensis

7- Stizolobium Deeringianum

8- Betula Spp

9- Rubus Spp

10- Arctium Lappa

11- Prunus Spp

12- Castanea Dentata

13- Aquilegia Vulgaris

14- Tussilago Farfara

15- Caltha Palustris

16- Filipendula Hexapetala

17- Sambucus Spp

18- Chrysanthemum Paethenium

19- Scrophularia Nodosa

20- Digitalis Pur Purea

21- Nepeta Hederacea

22- Geranium Rolertianum

23- Alchemilla Vulgaris

24- Mercurialis Anmua

25- Mentha Spp

26- Leonurus Cardiaca
27- Artemisia Vulgaris

28- Petroselinum Sativum

29- Hedeoma Pulegioides

30- Mentha Piperita

31- Prunus Persica

32- Pyrus Communis

33- Prumus Spp

34- Papaver Spp
35- Eupatorium Purpureum

36- Senecio Aureus

37- Secale Cornatum

38- Sanicula Spp

39- Saponaria Officcnalis

40- Rumex Acetosa
41- Fragaria Vesca

42- Tanacetum Vulgare

43- Thymus Spp
44- Viola Papilionacea

45- Viola Odorata
46- Triticum Aestivum

o اگر ساعت زہرہ نحس ہو تو مریض کو نظر بد کی وجہ سے

جوڑوں میں، سر میں، پاؤں میں درد رہتا ہے۔ دل دھڑکتا ہے۔ کمر اور کان میں گرانی ہوتی ہے۔

○ بعض اوقات جناتی اثر کی وجہ سے کان میں اور سر میں تکلیف کا احساس ہوتا ہے۔ اس کی خوراک میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

○ بعض اوقات سحر بھی ہوتا ہے۔ جب سحر ہوتا ہے تو مریض کو برے برے خواب نظر آتے ہیں۔ رات کو ہاتھ پیر میں ارتعاش پیدا ہوجاتا ہے۔

روحانی علاج:

○ اگر کسی پر جناتی اثر ہو تو یہ نقش لکھ کر پینے کے لئے دیں اور ساتھ ساتھ ساعت زہرہ میں ہی لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ یہ نقش سورۃ الانعام کی آیت 16 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔ کسر 2 کی وجہ سے خانہ 4 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۲) ۸۹۷	۷) ۹۰۳	۶) ۹۰۲
۹) ۹۰۵	۵) ۹۰۱	۱) ۸۹۶
۴) ۹۰۰	۳) ۸۹۸	۸) ۹۰۴

○ اگر کوئی جسمانی بیماری ہو تو یہ نقش لکھ کر پینے کو دیں۔ یہ نقش بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔ یہ نقش سورۃ التوبہ کی آیت

نمبر 14 کے جزو سے ترتیب دیا گیا ہے۔

۱۰) ۲۶۱	۱۵) ۲۶۶	۴) ۲۵۵	۵) ۲۵۶
۸) ۲۵۹	۱) ۲۵۲	۱۴) ۲۶۵	۱۱) ۲۶۲
۱۳) ۲۶۵	۱۲) ۲۶۳	۷) ۲۵۸	۲) ۲۵۳
۳) ۲۵۴	۶) ۲۵۷	۹) ۲۶۰	۱۶) ۲۶۷

○ دفع سحر کے لئے یہ نقش لکھ کر پینے کو دیں۔ یہ نقش سورۃ التوبہ کی آیت 27 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ آبی چال سے پر کیا گیا ہے۔ کسر 1 کی وجہ سے خانہ 13 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۶) ۹۶۴	۹) ۹۶۷	۹) ۹۷۵	۳) ۹۶۱
۱۵) ۹۷۴	۴) ۹۶۲	۵) ۹۶۳	۱۰) ۹۶۸
۱) ۹۵۹	۱۴) ۹۷۳	۱۱) ۹۶۹	۸) ۹۶۶
۱۲) ۹۷۰	۷) ۹۶۵	۲) ۹۶۰	۱۳) ۹۷۲

○ الرا O یہ سورۃ الھود کی پہلی آیت ہے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں یا 231 مرتبہ لکھ کر پینے کو دیں۔ جس قسم کا بھی مرض ہوگا ختم ہوجائے گا۔

○ اگر کسی پر سحر ہو یا جناتی اثر وغیرہ ہو تو سورۃ الیوسف کی آیت 100 کے جزو سے ترتیب دیئے جانے والے اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں اور پینے کو بھی دیں۔

۷۸۶

۶)۳۷۸	۷)۳۶۹	۲)۳۷۴
۱)۳۷۳	۵)۳۷۷	۹)۳۸۱
۸)۳۸۰	۳)۳۷۵	۴)۳۷۶

○ الٓمّٓ ○ یہ سورۃ الروم کی پہلی آیت ہے۔ لکھ کر گلے میں ڈال دیں تو ہر مرض سے حفاظت رہے گی۔

○ حٰمٓ ○ تنزیل الکتب من اللہ العزیز الحکیم ○ یہ سورہ احقاف کی پہلی اور دوسری آیت ہے۔ زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈال دیں ہر مرض سے نجات ہو جائے گی۔

2۔ تسخیر:

مستورات کی تسخیر کے لئے یہ نقش لکھ کر باندھیں۔ یہ نقش سورۃ الروم کی آیت 21 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نقش بادی چال سے پر کیا گیا ہے۔ نقش کے نیچے الحب فلاں بنت فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں لکھیں۔ فلاں کی جگہ نام لکھنا ہے۔

۷۸۶

۱۰)۱۴۹۳	۱۵)۱۴۹۸	۴)۱۴۸۷	۵)۱۴۸۸
۸)۱۴۹۱	۱)۱۴۸۴	۱۴)۱۴۹۷	۱۱)۱۴۹۴
۱۳)۱۴۹۶	۱۲)۱۴۹۵	۷)۱۴۹۰	۲)۱۴۸۵
۳)۱۴۸۶	۶)۱۴۸۹	۹)۱۴۹۲	۱۶)۱۴۹۹

3۔ تحفظ:

اگر کوئی شخص تحفظ کے لئے ساعت زہرہ میں اس نقش کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر پاس رکھے۔ یہ نقش سورۃ النساء کی آیت 45 کے جزو " وکفیٰ باللہ ولیاً وکفیٰ باللہ نصیراً ○ " سورۃ الھود کی آیت 57 کے جزو " ان ربی علیٰ کل شیئ حفیظ ○ " اور سورۃ الھود کی آیت 66 کے جزو " ان ربک ھوا القوی العزیز ○ " سے ترتیب دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۶)۱۰۲۲	۷)۱۰۲۳	۲)۱۰۱۸
۱)۱۰۱۷	۵)۱۰۲۱	۹)۱۰۲۵
۸)۲۰۲۴	۳)۱۰۱۹	۴)۱۰۲۰

4۔ تجارت:

اگر کوئی خرید و فروخت کے متعلق سوال کرے اور ساعت سعد ہو تو دیکھیں کہ سوال ساعت کے کس حصے میں کیا گیا ہے اگر پہلے حصے میں سوال ہو تو کامیابی ہوگی۔ دوسرے حصے میں سوال ہو تو کافی مشقت کے بعد فائدہ ہوگا اور اگر آخری حصہ میں سوال ہو تو ہرگز فائدہ نہیں ہوگا۔ اگر ساعت زہرہ نحس ہو تو فائدے کا کوئی امکان نہیں ہے۔

نقش کا سوال ہو تو یہ نقش لکھ کر دیں۔ یہ نقش سورۃ

الانعام کی آیت 17 کے جزو " فھو علیٰ کل شیٔ قدیرہ " سورہ توبہ کی آیت 28 کے جزو " یغنیکم اللہ من فضلہ ان شاء ان اللہ علیم حکیم O " سورۃ الحجر کی آیت 20 اور 21 کے اعداد سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اسے چاندی کی تختی پر لکھ کر کاروبار کی جگہ پر رکھیں۔ کسر 2 کی وجہ سے خانہ 9 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۵) ۱۸۹۶	۴) ۱۸۹۵	۱۵) ۱۹۰۷	۱۰) ۱۹۰۲
۱۶) ۱۹۰۸	۹) ۱۹۰۱	۶) ۱۸۹۷	۳) ۱۸۹۴
۲) ۱۸۹۳	۷) ۱۸۹۸	۱۲) ۱۹۰۴	۱۳) ۱۹۰۵
۱۱) ۱۹۰۳	۱۴) ۱۹۰۶	۱) ۱۸۹۲	۸) ۱۸۹۹

5- چوری:

اگر کوئی چور کے متعلق سوال کرے تو دیکھیں کہ ساعت کا کونسا حصہ ہے۔ اگر اول حصہ ہے تو چور فراخ سینہ، فراخ دل، خوبصورت اور فصیح الزبان مرد ہے۔ اگر آخری حصہ ہو تو چوری کسی فاحشہ اور زانیہ عورت نے کی ہے۔

اس سلسلے میں اگر کوئی تعویذ کا طالب ہو تو یہ طلسم لکھ کر دیں۔

اسے ہوا میں لٹکا دیں۔

ف۸۰ صظ۸۰ ق۱۰۰ ارخ۱۰۰ ن

6- حمل / اولاد:

اگر کوئی سوال کرے کہ حاملہ کیا جنے گی تو جواب ہوگا کہ لڑکی۔ اگر بانجھ عورت کے متعلق سوال ہو تو ساعت کے دو حصے کر لیں۔ اگر پہلے حصے میں سوال ہو تو جواب ہوگا کہ علاج سے اولاد ہونے کا امکان ہے اگر ساعت زہرہ کا آخری حصہ ہو تو اولاد پیدا نہ ہوگی۔

اگر اس سلسلے میں کوئی نقش کا طالب ہو تو یہ نقش لکھ کر دیں۔ پینے کے لئے بھی اور گلے میں ڈالنے کے لئے بھی۔ یہ نقش سورۃ النساء کی آیت 1 کے جزو " وبث منھما رجالاً کثیراً ونساء " سورۃ الھود کی آیت 73 ، سورۃ الحجر کی آیت 53 اور سورۃ الانبیاء کی آیت 84 اعداد سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اسے گلے میں ڈالنے کے لئے سبز رنگ کے کاغذ پر لکھ کر دیں۔

۷۸۶

۱۵) ۳۲۸۳	۴) ۳۲۷۲	۵) ۳۲۷۳	۱۰) ۳۲۷۸
۸) ۳۲۷۶	۱) ۳۲۶۹	۱۴) ۳۲۸۲	۱۱) ۳۲۷۹
۱۳) ۳۲۸۱	۱۲) ۳۲۸۰	۷) ۳۲۷۵	۲) ۳۲۷۰
۳) ۳۲۷۱	۶) ۳۲۷۴	۹) ۳۲۷۷	۱۶) ۳۲۸۴

7- دفین:

اگر کوئی دفینہ کے متعلق سوال کرے اور ساعت کا اول

حصہ ہو تو جواب ہوگا کہ مغرب کی سمت کچھ دفینہ ہے صدقہ دے کر نکالا جاسکتا ہے۔ اگر ساعت کا آخری حصہ ہو تو اس مقام پر کسی جن کا قیام ہے۔

اگر دفع جنات کے سلسلے میں تعویذ کی ضرورت ہو تو یہ تعویذ لکھ کر دیں یہ تعویذ سورۃ النساء کی آیت 28 سورۃ الحجر کی آیت 18 اور سورۃ الاحزاب کی آیت 3 سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اسے زرد رنگ کے کاغذ پر لکھ کر لٹکانے کو دیں۔ کسر 2 کی وجہ سے خانہ 4 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۲) ۲۰۳۷	۷) ۲۰۴۳	۲) ۲۰۴۲
۹) ۲۰۴۵	۵) ۲۰۴۱	۱) ۲۰۳۶
۴) ۲۰۴۰	۳) ۲۰۳۸	۸) ۲۰۴۴

8۔ **زراعت:**

اگر سوال زراعت کا ہو اور ساعت سعد ہو تو جواب ہوگا کہ زراعت خوب ہوگی۔ اگر ساعت نحس ہو تو جواب بھی نفی ہوگا۔ اگر اس سلسلے میں نقش کی ضرورت ہو تو یہ نقش لکھ کر دیں۔

یہ نقش سورۃ النساء کی آیت 32 اور سورۃ الروم کی آیت 19 کے جزو " ویحی الارض بعد موتھا " کے اعداد سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اسے تانبہ کی تختی پر لکھ کر کھیت یا باغ میں لگا دیں۔

۷۸۶

۱۰) ۹۴۰	۱۵) ۹۴۵	۴) ۹۳۴	۵) ۹۳۵
۸) ۹۳۸	۱) ۹۳۱	۱۴) ۹۴۴	۱۱) ۹۴۱
۱۳) ۹۴۳	۱۲) ۹۴۲	۷) ۹۳۷	۲) ۹۳۲
۳) ۹۳۳	۶) ۹۳۶	۹) ۹۳۹	۱۶) ۹۴۶

9۔ **سفر:**

اگر ساعت زہرہ میں سوال سفر سے متعلق ہو تو دیکھیں کہ ساعت سعد ہے یا نحس۔ اگر سعد ہے تو سفر مبارک ہوگا بشرطیکہ سفر ہوائی ہو یا زمینی۔ اگر ساعت نحس ہو تو سفر ہونا مشکل ہے۔ اگر نحس ساعت کا اول حصہ ہو تو سفر 6 دن یا 6 ماہ بعد ہونے کا امکان ہوسکتا ہے۔ اگر آخری حصہ ہو تو پھر سفر بالکل ہی ممکن نہ ہوگا۔

اگر سفر میں حفاظت کے لئے کوئی نقش طلب کرے تو یہ نقش لکھ کر دیں۔ یہ نقش سورۃ الھود کی آیت 92 کے جزو " ان ربی بما تعملون محیط O " کے اعداد سے ترتیب دیا گیا ہے۔ نقش آتشی چال سے پر کیا گیا ہے۔ نقش ہرن کی جھلی پر لکھیں۔

۷۸۶

۲۴۲	۲۴۴۵	۲۴۸	۲۳۴
۲۴۷	۲۳۵	۲۴۱	۲۴۶
۲۳۶	۲۵۰	۲۴۳	۲۴۰
۲۴۴	۲۳۹	۲۳۷	۲۴۹

10۔ شکار:

اگر ساعت زہرہ میں سوال شکار کا ہو تو سعد ساعت ہو تو شکار ملے گا۔ اور نحس ہو تو شکار کے ملنے کا امکان کم ہے۔ اگر کوئی اس سلسلے میں تعویذ طلب کرے تو یہ طلسم لکھ کر دیں۔ مراد پوری ہوگی۔

۷۳۱
حظ ـــــــــ لخ
۱۲۹
۶۶

11۔ شراکت:

اگر ساعت زہرہ میں شراکت کرنے کے متعلق ہو تو ساعت سعد ہے تو شراکت مبارک ہے۔ نحس ہو تو لڑائی کا اندیشہ ہے۔ اگر شراکت میں کامیابی کے لئے نقش کی ضرورت ہو تو سورۃ الاحزاب کی آیت 71 اور سورۃ النجم کی آیت 39 سے ترتیب دیئے جانے والے اس نقش کو زہرہ کی سعد ساعت میں لکھ کر پاس رکھنے کو دیں۔

۷۸۶

۶)۱۷۲۵	۷)۱۷۲۶	۲)۱۷۲۰
۱)۱۷۱۹	۵)۱۷۲۴	۹)۱۷۲۸
۸)۱۷۲۷	۳)۱۷۲۱	۴)۱۷۲۳

12۔ شادی:

اگر زہرہ کی سعد ساعت میں شادی کا سوال ہو تو مبارک ہے

شادی ہوجائے گی۔ چھ ہفتے سے چھ ماہ کا عرصہ لگے گا۔ اگر نحس ساعت ہو تو شادی میں بندش ہے۔ اگر شادی جلد ہونے اور بندش وغیرہ ختم ہونے کے لئے نقش کی ضرورت ہو تو سورۃ النساء کی آیت 32 کے جزو " وسئلوا اللہ من فضلہ ان اللہ کان بکل شئ علیماً "

O سورۃ طور کی آیت 20 اور سورۃ القمر کی آیت 48 اور 50 سے ترتیب دیے جانے والے اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھنے کے لئے دیں۔

۷۸۶

۱۰)۱۷۱۲	۱۵)۱۷۱۷	۴)۱۷۰۶	۵)۱۷۰۷
۸)۱۷۱۰	۱)۱۷۰۳	۱۴)۱۷۱۶	۱۱)۱۷۱۳
۱۳)۱۷۱۵	۱۲)۱۷۱۴	۷)۱۷۰۹	۲)۱۷۰۴
۳)۱۷۰۵	۶)۱۷۰۸	۹)۱۷۱۱	۱۶)۱۷۱۸

13۔ عروج و ترقی:

سائل اگر ساعت زہرہ میں سوال کرے کہ اسے عروج و ترقی حاصل ہوگی یا نہیں تو دیکھیں کہ ساعت سعد ہے یا نحس اگر سعد ہو تو بہت عروج، عزت، مرتبہ اور ترقی ملنے کا قوی امکان ہے۔ اگر نحس ہو تو جواب بھی نفی میں ہوگا۔

عروج و ترقی کے لئے سورۃ الروم کی آیت 16- 17 اور اسماء الحسنیٰ اللہ، العزیز اور الوکیل کے اعداد سے ترتیب دیا جانے

والا یہ نقش لکھ کر استعمال کریں۔

۷۸۶

۸)۲۵۷۲	۱)۲۵۶۴	۶)۲۵۶۹
۳)۲۵۶۶	۵)۲۵۶۸	۷)۲۵۷۱
۴)۲۵۶۷	۹)۲۵۷۳	۲)۲۵۶۵

14۔ غلبہ:

اگر کوئی یہ جاننا چاہے کہ مخالفت، دشمنی یا ناراضگی میں کون غالب رہے گا تو ساعت سعد ہو تو طالب غالب رہے گا۔ اگر ساعت نحس ہو تو مطلوب غالب رہے گا۔ مشرق و مغرب میں رہنے والے شمال و جنوب میں رہنے والوں پر غالب رہتے ہیں بشرطیکہ سعد ساعت ہو ورنہ نتیجہ بھی الٹ ہی ہوگا۔

اگر اس سلسلے میں نقش کی ضرورت ہو تو ساعت زہرہ میں یہ نقش لکھ کر دیں۔ یہ نقش سورۃ النساء کی آیت 153 کے جزو " واتینا موسیٰ سلطناً مبیناً O " سورۃ الانعام کی آیت 18 کے جزو " وھوالقاھر فوق عبادہ " سورۃ الیوسف کی آیت 38 کے جزو " ام اللہ الواحد القہار " O اور سورۃ الروم کی آیت 5 کے اعداد سے ترتیب دیا گیا ہے۔

۷۸۶

۵)۸۷۴	۴)۸۷۳	۱۵)۸۸۵	۱۰)۸۸۰
۱۶)۸۸۶	۹)۸۷۹	۶)۸۷۵	۳)۸۷۲
۲)۸۷۱	۷)۸۷۶	۱۲)۸۸۲	۱۳)۸۸۳
۱۱)۸۸۱	۱۴)۸۸۴	۱)۸۷۰	۸)۸۷۷

15۔ غائب:

